باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED مستونگ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Reg # 190-C

روزنامہ عصرِ نو مستونگ

Daily ASR-E-NAU Mastung

Member APNS/CPNE

قیمت 10 روپے

Daily.asrenau@gmail.com

جلد نمبر 27 | ہفتہ 10 اکتوبر 2026ء | 27 ربیع الثانی 1448ھ | صفحات 6 | شمارہ نمبر 234

سعودی عرب کا دفاع کیا جائیگا مکہ دفاعی معاہدہ کسی بھی خطے کیخلاف مشترکہ قوت بنے گا

پاک وھوج کے لیے پرجمال جامع

پاکستان کی مسلح افواج مختلف سلامتیوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں معاہدے کے تحت عملی اقدامات، تعینات کیے جانے والے دستوں اور ان کے استعمال سے متعلق فیصلے آپریشنل کمانڈرز کریں گے، آئی ایس پی آر

پاکستان پہلے بھی اختلافات کم کرنے اور مذاکرات کے ذریعے پُرامن حل تلاش کرنے کے لیے کردار ادا کرتا رہا ہے، اب بھی کوششیں جاری ہیں اور مستقبل میں بھی یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا پاکستان نے امریکا ایران جنگ بندی کے لیے غیر جانب دار ثالث کے طور پر اہم کردار ادا کیا ہے

پاکستان پہلے بھی اختلافات کم کرنے اور مذاکرات کے ذریعے پُرامن حل تلاش کرنے کے لیے کردار ادا کرتا رہا ہے، اب بھی کوششیں جاری ہیں اور مستقبل میں بھی یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا پاکستان نے امریکا ایران جنگ بندی کے لیے غیر جانب دار ثالث کے طور پر اہم کردار ادا کیا ہے۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور زراعت کیلئے فنانسنگ کا ہدف مکمل کیا جائے

شہباز شریف

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ ان کی ترقی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے بلاسُود، بے ضمانت اور کم مارک اَپ قرضوں کی فراہمی میں تیزی لانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے نوجوان کاروباری ہمت کے لیے تیار ہیں، ہمیں ان کے لیے راستے ہموار کرنے ہوں گے۔ وزیراعظم نے اسٹیٹ بینک کو قرضوں کی فراہمی کے ہدف کو مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بلاسُود، بے ضمانت اور کم مارک اَپ قرضوں کی فراہمی میں تیزی لانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے نوجوان کاروباری ہمت کے لیے تیار ہیں، ہمیں ان کے لیے راستے ہموار کرنے ہوں گے۔ وزیراعظم نے اسٹیٹ بینک کو قرضوں کی فراہمی کے ہدف کو مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے بلاسُود، بے ضمانت اور کم مارک اَپ قرضوں کی فراہمی میں تیزی لانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے نوجوان کاروباری ہمت کے لیے تیار ہیں، ہمیں ان کے لیے راستے ہموار کرنے ہوں گے۔ وزیراعظم نے اسٹیٹ بینک کو قرضوں کی فراہمی کے ہدف کو مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے بلاسُود، بے ضمانت اور کم مارک اَپ قرضوں کی فراہمی میں تیزی لانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے نوجوان کاروباری ہمت کے لیے تیار ہیں، ہمیں ان کے لیے راستے ہموار کرنے ہوں گے۔ وزیراعظم نے اسٹیٹ بینک کو قرضوں کی فراہمی کے ہدف کو مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان نے توانائی کے شعبے میں آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد تیز کردیا

کیس بجلی میں موجودہ سلیب برقرار رکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے توانائی کے شعبے میں مالی ماہیاتی ادارے کی شرائط پر عملدرآمد تیز کردیا، کیس بجلی میں موجودہ سلیب برقرار رکھنے کا فیصلہ کرلیا۔

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اسمبلی پیرویم لیوی ختم اور معذور افراد کو ٹیکس عملدرآمد آج قرارداد منظور

فی یونٹ منصوبوں کی تفصیلات، ضلع واشک میں محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن کا دفتر قائم کرنے سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیے گئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں پیٹرولیم لیوی ختم کرنے قرارداد میں بلوچستان معذور افراد کے حقوق ایکٹ 2017 کے تحت ملازمتوں میں پانچ فیصد کوٹے پر مشتمل قرارداد منظور کرلی گئیں، ہی پیک منصوبوں کی تفصیلات ضلع واشک میں محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن کا دفتر قائم کرنے سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیے گئے۔

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی پیرویم لیوی ختم اور معذور افراد کو ٹیکس عملدرآمد آج قرارداد منظور

فی یونٹ منصوبوں کی تفصیلات، ضلع واشک میں محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن کا دفتر قائم کرنے سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیے گئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں پیٹرولیم لیوی ختم کرنے قرارداد میں بلوچستان معذور افراد کے حقوق ایکٹ 2017 کے تحت ملازمتوں میں پانچ فیصد کوٹے پر مشتمل قرارداد منظور کرلی گئیں، ہی پیک منصوبوں کی تفصیلات ضلع واشک میں محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن کا دفتر قائم کرنے سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیے گئے۔

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کا فضل الرحمن سے ٹیلیفونک رابطہ سیاسی اتحاد کا نگران بنانے پر مولانا کا شکریہ

اور مذاکرات کے بند دروازے نہیں چل سکتے، وزیراعظم



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

گورنر راج، تیسری جنسی آخری آپشن

پی ٹی آئی والے ذرا صوبائی کی طرف منہ کرکے تو دکھائیں پتا لگ جائے گا، گورنر فیصل کریم کنڈی کی سہیل آفریدی نے حالات اس نہج پر پہنچانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، نئے صوبوں کا فیصلہ عوامی رائے سے ہونا چاہیے، چیئرمین سینیٹ پارٹی

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج کے معاملے پر (آج) ہفتہ کو اعلیٰ سطح کے اجلاس کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور اعلیٰ عسکری حکام کی شرکت متوقع ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ سابق گاہ کے ضم شدہ اضلاع میں قومی سلامتی کے اداروں کی رپورٹس کا بھی جائزہ لیا جائے گا



اسلام آباد وزیراعظم شہباز شریف اپنا گھر اور شعبہ زراعت کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعظم کی سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے دہشت گرد حملوں کی مذمت

شہباز شریف کا معصوم جانوں کے تحفظ اور مملکت کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے ان کی مسلسل کوششوں کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا ہے۔ جمعہ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی قیادت

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم آفس اور وزارت داخلہ کے نام پر جعلسازی کے کیس میں ملزم کی ضمانت خارج

ملزم کے قبضے سے جعلی کارڈز، اتھارٹی لیٹرز، دو گھر وستاویزات برآمد ہوئی تھیں، ایف آئی اے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کی عدالت نے وزیراعظم آفس اور وزارت داخلہ کے نام پر جعلسازی کے کیس میں ملزم رحمت شاہ کی

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شمالی وزیرستان، بیگیوری فورسز کا آئی ٹی جی جیسٹر آپریشن، فتنہ الخوارج کے 7 دہشتگرد ہلاک

ہلاک دہشت گردوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے، سیکیورٹی ذرائع

شمالی وزیرستان (این این آئی) شمالی وزیرستان میں خوارج کی فائرنگ سے شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔ نیم کرنل، پولیس کے چار، چھ دیگر سمیت کرک میں خوارج کی فائرنگ سے ایس ایچ او اور

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

میزان بینک نے ''گھر ہو تو اپنا'' پروگرام کے تحت 49 ارب روپے کی فنانسنگ منظور کرلی

6 ہزار 880 درخواستیں منظور، ایک ہزار خاندانوں کو 34.7 ارب روپے فراہم کیے جاچکے ہیں

کراچی (این این آئی) میزان بینک نے وزیراعظم آسان گھر پروگرام ''گھر ہو تو اپنا'' کے تحت 6 ہزار 880 درخواستوں پر تقریباً 49 ارب روپے کی فنانسنگ منظور کرلی ہے۔ بینک کے مطابق 30 ستمبر 2026 تک ایک ہزار خاندانوں کو مجموعی طور پر 34 ارب کروڑ روپے فراہم کیے جاچکے ہیں۔ میزان بینک کو اس پروگرام کے تحت اب تک

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد وفاقی وزیر ڈاکٹر نداء الحق تعزیب رشکری کیمپ پر بریفنگ کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بلوچستان کابینہ تعلیم، صحت اور تیرتی سمیت متعدد اہم فیصلوں کی منظوری

ان منظور کیے گئے اقدامات صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ، انتظامی نظام کی بہتری اور عوامی ضروریات کے مطابق پالیسی سازی کی جانب اہم پیش رفت ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اہم اجلاس میں صوبے کے خواتی مفاد، معاشی ترقی، تعلیم، صحت، صنعت، سیاحت، خواتین کے تحفظ، انتظامی اصلاحات اور شہری سہولیات سے متعلق متعدد اہم

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

میری معلومات کے مطابق وفاق نے ایمرجنسی کیلئے اپنی تیاری مکمل کرلی، شہباز افضل مرت کاکڑ

سہیل آفریدی نے جن کی ایمبولینس کو روکا تھا وہ اپنا ہی بیان کھا کر آئے تھے، پی ٹی آئی سے نکالا گیا میسر کیا ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) مرکز قومی اسمبلی شاہر افضل مرت نے کہا کہ مرت نے دعویٰ کیا ہے کہ میری معلومات کے مطابق وفاق حکومت کی جانب سے ایمرجنسی کا نفاذ لاگو

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حکومت، اپوزیشن کی گاڑیاں کیچے میں پھنسی ہیں، بیرسٹر گوہر

امید ہے مولانا فضل الرحمان مذاکرات میں بہتر کردار ادا کریں گے، چیئرمین پی ٹی آئی

چارسدہ (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کی گاڑیاں کیچے میں پھنسی ہیں، اتحاد کریں، ہیلپر مذاکرات کریں، پی ٹی آئی اب بھی بامقصد مذاکرات کیلئے تیار ہے۔ چارسدہ میں صحافیوں سے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مالی شمولیت کو پائیدار معاشی ترقی سے جوڑنے کی ضرورت ہے، محمد اورنگزیب

پاکستان مائیکرو فنانس نیٹ ورک کے تحت 2 روزہ 10 ویں سالانہ مائیکرو فنانس کانفرنس کا کراچی میں اختتام

کراچی (آن لائن) پاکستان مائیکرو فنانس نیٹ ورک (پی ایم این) کے زیر اہتمام 10 ویں سالانہ مائیکرو فنانس کانفرنس کراچی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



اسلام آباد نائب وزیراعظم اسحاق ڈار وزیراعظم کیلئے پاکستان کے ہمزہ سفیر جناب سلمان شریف سے ملاقات کررہے ہیں

ڈاکٹر عبدالحکیم بلوچ کی وفات بلوچستان کے لیے عظیم سیاسی نقصان ہے، مولانا عبدالغفور حیدری

مرحوم کے ساتھ اپنی پارٹی کا دیرینہ تعلق ہے ہم ان کی فیملی کے غم میں برابر کے شریک ہیں، جنرل سیکرٹری کا گہرے دکھ اور رنج کا اظہار، مغفرت کی دعا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سیکرٹری جنرل و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ ڈاکٹر عبدالحکیم بلوچ کی وفات سے بلوچستان

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

انصاف کی فراہمی میں تاخیر غریب اور نادار طبقات کیلئے سنگین مسئلہ ہے

جب کسی معاشرے کا ہر شخص قانون کے مطابق ہر حق انصاف حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے تو یہ وصف اس فرد کیلئے اطمینان کا باعث بنانے کے ساتھ ساتھ ریاستی اداروں پر عوام کے اعتماد میں بھی اضافہ کرتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کسی بھی معاشرے میں انصاف کی بروقت فراہمی عوام کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور اداروں کی ساکھ بہتر کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، جب کسی مستحق سائل کو میرٹ اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق بروقت انصاف

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کیریکٹر سرٹیفکیٹ تحریری منصوبے کی بروقت تکمیل کیلئے مربوط اقدامات کیے جائیں، ادیس غاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار لیویس احمد خان غاری نے کیریکٹر سرٹیفکیٹ تحریری منصوبے کی بروقت تکمیل کیلئے مربوط اقدامات پر زور دیا ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں سردار لیویس احمد خان غاری کی درخواست پر کیریکٹر سرٹیفکیٹ تحریری منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطح

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاک بحرین تعلقات کو ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے

بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون وسعت دینے کیلئے بحرین کے عزم کا اعادہ کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بحرین کے ساتھ باہمی تجارت کو 2 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر کرلیا ہے۔ دونوں ممالک کے عوام کیلئے ویزوں میں نرمی کا اعلان کیا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کا

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ہیلتھ کئیر کمپنی کے 11 ملازمین کے خلاف مقدمہ درج

ڈی آئی جی ہیلتھ کوئٹہ کی مدعیت میں ایف آئی آر درج

کوئٹہ (این این آئی) ڈی آئی جی ہیلتھ کوئٹہ کی مدعیت میں ہیلتھ کئیر کمپنی کے 11 ملازمین کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان نے جعلی دستاویزات کے ذریعے کمپنی کے ساتھ معاہدہ کیا۔ ملزمان نے کمپنی کے ساتھ 2 کروڑ 32 لاکھ روپے کا فراڈ کیا۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بدامنی سے کوئٹہ کراچی روٹ پر سفر متاثر ہوچکا ہے، ٹرانسپورٹرز

کوئٹہ (یو این اے) ممتاز ٹرانسپورٹرز حاجی میر محمد کاکڑ، حاجی صہیب اللہ بادینی، حاجی میر دولت خان لہڑی، حاجی موسیٰ جان اچکزئی، حاجی ولوتاسم اور حاجی سیف الدین بزنجو نے کوئٹہ کراچی شاہراہ پر این ایل مان کی چترن

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دلی، 15 روز قبل اغوا کیے جانے والے کنسٹرکشن کمپنی کے 11 مزدور بازیاب، ایک مزدور کی ہلاکت کی تصدیق

لاہور (این این آئی) پاکستان کی اسٹاک مارکیٹ میں لسٹڈ سیمنٹ کمپنیوں کی شماش اور پیداوار سے وابستہ چار بڑی کمپنیوں نے مالی سال 2026ء کے دوران

ستمبر 2026ء کے دوران ملک میں 5 ہزار 241 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ

9 فیصد رجسٹیشنز آن لائن مکمل کی گئیں، ایس ای سی پی

اسلام آباد (این این آئی) ستمبر 2026ء کے دوران ملک میں 5 ہزار 241 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کرائی گئیں جس کے نتیجے میں کمپنیوں کی مجموعی تعداد 3 لاکھ 17

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دہشتگردی اور منشیات کیخلاف تعاون کا معاہدہ طے

پاکستان سے ترکیہ کی جانب غیر قانونی امیگریشن کی شرح 70 فیصد سے کم کر 17 فیصد رہ گئی، ترکیہ کے وزیر داخلہ نے غیر قانونی امیگریشن کی شرح میں غیر معمولی کمی پر پاکستانی اقدامات کو سراہا

استنبول (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ترکیہ کے وزیر داخلہ علی یرلیکایا سے ملاقات کی۔ دونوں وزرا نے دوطرفہ تعاون کے فروغ، سرحدی سلامتی اور انسداد دہشتگردی سمیت اہم شعبوں میں باہمی تعاون کا جائزہ لیا۔ محسن نقوی نے ترکیہ کے سرکاری دورے سے واپسی پر ایئرپورٹ پر وفاقی وزیر داخلہ کا پُرتپاک استقبال کیا

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی شہریوں کی جان بچانے والے عرب مسلم شہری کا گھر جلا دیا گیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی حکام نے اسرائیلی شہریوں کی جان بچانے والے عرب مسلم شہری کا گھر بھی جلا دیا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق 7 اکتوبر حملے میں درجنوں اغوا کاروں کو بچانے والے یوسف الزیادنہ کی املاک کو بھی نذر آتش کیا گیا۔ 7 اکتوبر حملے میں درجنوں اغوا کاروں کو بچانے والے یوسف الزیادنہ کا گھر بھی جلا دیا گیا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق 7 اکتوبر حملے میں درجنوں اغوا کاروں کو بچانے والے یوسف الزیادنہ کا گھر بھی جلا دیا گیا۔

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سونامی تولہ 5 ہزار 900 روپے مہنگا ہوگیا

کراچی (این این آئی) مالی اور مقامی صرافہ مارکیٹوں میں سونے کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونا 59 ڈالر مہنگا ہوگیا، جبکہ مقامی سطح پر فی تولہ قیمت میں 5 ہزار 900 روپے کا اضافہ ہوا، بین الاقوامی مارکیٹ میں

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

امریکی ڈیفنس سیکرٹری کا ایران پر حملہ نہ کرنے کا اعلان

امریکہ میں ڈیفنس سیکرٹری کا ایران پر حملہ نہ کرنے کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ امریکی افواج وسط مدتی انتخابات سے پہلے ایران پر حملہ نہیں کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

امریکی ڈیفنس سیکرٹری کا ایران پر حملہ نہ کرنے کا اعلان

امریکہ میں ڈیفنس سیکرٹری کا ایران پر حملہ نہ کرنے کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ امریکی افواج وسط مدتی انتخابات سے پہلے ایران پر حملہ نہیں کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ماہر بینڈ منٹر اور جنگلاتی کے معاملات اپوزیشن کو ساتھ لیکر چلیں گے

بلوچستان کے وزیراعلیٰ

میرے بار بار معافی مانگنے پر اعتراض کرنے والوں سے کہتا ہوں کہ ہم غلطیوں کریں گے اور معافی بھی مانگیں گے ہم انسان ہیں کے پورٹ نہیں کہ سیٹ جہاں غلطی ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان کا ماہر ایڈیٹر منتظر اور محکمہ جنگلات کے افسران پر اپوزیشن کو برہنگ

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سعودی عرب کے حق دفاع کی بھرپور حمایت کرتا ہے

افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے اور خطے میں پائیدار امن کے لیے دہشت گردی کے خطرات سے نمٹنا ضروری ہے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا ہے کہ قریبی دوطرفہ تعلقات

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مہنگائی کا نیا طوفان، پھل، سبزیاں اور دالیں میں 20 اشیا مہنگی

ماہانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 1.2 فیصد اور ہفتہ وار بنیادوں پر معمولی کمی 1.97 فیصد رہی، پیاز اور ٹماٹر کی قیمتوں میں 1.97 فیصد اضافہ ہوا، وفاقی کابینہ کی تین سال کیلئے متوقہ وقت

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر میں اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا ہے۔ پھلوں، سبزیوں اور دالوں سمیت 20 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ABC CERTIFIED
Daily ASR-E-NAU Weekly
روزنامہ عصرِ نو
چیف ایڈیٹر/پبلشر سید ہ زہرہ بخاری نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر بیورو آفس ٹیبل روڈ ٹرانزٹین سپتال کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر 081-2838041
فیکس نمبر 081-2821634
موبائل 0333-7833661

ملکی افق پر جاری سیاسی کشمکش

قومی اسمبلی کے سپیکر سردار ایاز صادق کی زیرِ صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا دوسرا طویل دور بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گیا۔ دوسرے روز ابتداء میں اطلاعات سامنے آئی تھیں کہ فریقین بانی پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان سے ملاقات، لانگ مارچ کی منسوخی اور دیگر بنیادی مطالبات پر ابتدائی اتفاق رائے تک پہنچ گئے ہیں اور مشترکہ اعلامیے کے مسودے پر دستخط بھی متوقع ہیں لیکن خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خلاف وفاق کے ساتھ تعاون کے معاملے پر ڈیڈ لاک برقرار رہا۔ اسی وجہ سے مذاکرات نتیجہ خیز نہ ہو سکے۔ مذاکرات کا یہ دور گلے شکووں کے ساتھ شروع ہوا، حکومتی وفد نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے جاری کردہ لانگ مارچ کے ٹویٹ اور سینئر حکومتی اکابرین کے خلاف مبینہ نازیبا زبان استعمال کرنے پر سخت تحفظات کا اظہار کیا۔ اس دوران ہی دہشت گردی سے متعلق وزیراعلیٰ کے پی کا موقف سامنے آگیا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ صوبے میں وفاق کی نہیں بلکہ عمران خان کی پالیسی چلے گی جس میں ملک وقوم کی بھلائی ہے۔ اپوزیشن نے وزیرِ دفاع خواجہ آصف کے بیانات اور سوشل میڈیا پوسٹوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کو آگے بڑھانے کیلئے باہمی اعتماد کی فضاء بحال کرنا ہوگی جبکہ پیپلز پارٹی کی طرف سے مذاکرات کی کامیابی کیلئے لانگ مارچ کو غیر مشروط طور پر ختم کرنے پر اصرار کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ٹی آئی اور حکومتی مذاکرات کاروں کے درمیان معاملات مشترکہ اعلامیے کے متنِ مسودے پر دستخط تک پہنچ چکے تھے اور مسودہ وزیرِ اعظم ہاؤس بھیج دیا گیا تھا۔ میڈیا ذرائع کا دعویٰ تھا کہ اس میں پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کی جانب سے دہشت گردی کیخلاف وفاق کی کوششوں اور پالیسیوں کی بھرپور حمایت، سکیورٹی معاملات کو سیاسی تنازعات سے دور رکھنے اور بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے عدالتی راستہ اختیار کرنے کے نکات شامل تھے۔ وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ کے پی نے مذاکرات کو سبوتاژ کرنیکی کوشش کی، اپوزیشن کے وفد نے بہت شاندار طریقے سے مذاکرات کیے، سب طے ہوگیا تھا اور معاہدہ بھی تیار ہوگیا تھا جس کی کاپی لیکر وہ صدر صاحب کے پاس گئے اور جب واپس آئے تو معلوم ہوا کہ کے پی حکومت نے مذاکرات کو ویٹو کر دیا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ دھرنے کیلئے اکٹھے ہونے والوں کا مکمل ٹرائل کیا جائے گا، اسلام آباد پر چڑھائی کی اجازت کسی صورت نہیں دی جائیگی۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر اور پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ راجہ ناصر عباس نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ٹیلی فونک رابطہ کر کے معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ کیا جس پر اچکزئی نے کہا کہ حکومت کے سامنے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ رکھا جائے اور اگر وہ حامی نہ بھرے تو مزید بات چیت نہ کی جائے۔ اِس کے بعد حکومتی اور اپوزیشن حلقوں میں کشیدگی دوبارہ بڑھ گئی اور پھر دہشت گردی کے معاملے پر اتفاق رائے نہ ہونے کے باعث تمام تر کوششوں کے باوجود فریقین کسی متفقہ نکتے پر پہنچنے میں ناکام رہے جس کے نتیجے میں مذاکرات کا یہ طویل اور اہم دور بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگیا۔ پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا کہ حکومت اپنی ضد اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے مذاکرات کو سبوتاژ کر رہی ہے اور اس کی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے مذاکرات کو ناکام نہیں ہونے دیا، ہم نے اپنی طرف سے ہر ممکن کوشش کی ہے۔

ABC CERTIFIED
Daily ASR-E-NAU Mastaung
روزنامہ عصرِ نو مستونگ

قانونی تجارت کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی

چیف کلکٹر کسٹمز

سنٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کسٹمز کی جانچ پڑتال کے لیے روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک خصوصی وقت مختص کیا گیا ہے، آکسڈہ آٹھ ماہ میں کاروباری معاملات کو آٹومیٹڈ نظام پر منتقل کیا جائے گا تاکہ مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کو تیز اور آسان بنایا جاسکے

مستونگ روڈ اور زیارت کراس کے مقامات پر محکمہ کسٹمز کی جانب سے ضبط کیا گیا اربوں روپے مالیت کا سامان اور گاڑیاں آتشزدگی کا شکار ہوئیں، تاہم متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی یا نقصان کے ازالے کے لیے تاحال کوئی موثر اقدام نہیں کیا جاسکا، چیمبر آف کامرس

چیف کلکٹر کسٹمز انور احمد (آپریشنز) محمد نبیل ناصر خان نے کہا کہ کسی بھی صورت قانونی تجارت پر قدغن نہیں لگنے دی جائے گی، ٹریک قانونی تجارتی سرگرمیوں سے ملک اور صوبے کو ریونیو حاصل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکینگ میں ٹوٹ عناصر قانونی تجارت سے وابستہ افراد کے لیے مشکلات پیدا کررہے ہیں

بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 6 پر

نوجوانوں کو ہنرمند بنانا ہماری اولین ترجیح ہے

سائرہ عطاء

لسبیلہ کی پائیدار ترقی، عوامی مسائل کے حل اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے جامع منصوبہ بندی، مؤثر انتظامی اقدامات اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری ناگزیر ہے

تعلیم اور صحت کسی بھی معاشرے کی ترقی میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، اس لیے ان شعبوں کو مزید بہتر بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کرنا ہوں گے، کمشنر لسبیلہ ڈویژن



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید باوینی اسمبلی اجلاس میں بات چیت کررہے ہیں

اوتھل (یو این اے) ضلع لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء بلوچ نے کہا ہے کہ لسبیلہ کی پائیدار ترقی، عوامی مسائل کے حل اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے جامع منصوبہ بندی، مؤثر انتظامی اقدامات اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری ناگزیر ہے۔

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء بلوچ نے کہا کہ لسبیلہ کی معیشت میں زراعت، ماہی گیری، صنعت، تجارت اور سیاحت کے بے پناہ مواقع موجود ہیں، ان شعبوں کو منظم منصوبہ بندی، مؤثر انتظامی اقدامات اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری سے ہی حقیقی ترقی ممکن ہے۔

انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو صرف سرکاری ملازمتوں تک محدود رکھنے کے بجائے جدید ہنر، فنی تربیت اور روزگار کے متبادل مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ٹیکنیکس اوتھل میں کمشنر آفس کی افتتاحی تقریب کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر لسبیلہ نے کہا کہ تعلیم اور صحت کسی بھی معاشرے کی ترقی میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، اس لیے ان شعبوں کو مزید بہتر بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کرتا ہوں گے۔ نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا بھی ضروری ہے۔ اس سلسلے میں یونیورسٹیوں اور دیگر تعلیمی اداروں کے دورے کیے گئے ہیں، جبکہ ایسے طلبہ کو بھی آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے جنہیں اپنے علاقوں میں اعلیٰ تعلیم کی مناسب سہولیات میسر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی رضاکارانہ سرگرمیوں کے لیے گرین کمانڈ کے سینٹر بھی متعلقہ کیے گئے ہیں، جن میں اپنی کمشنر لسبیلہ ڈویژن

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 6 پر

خان آف رخشا سپورٹس اینڈ کلچر فیسٹیول کا شاندار اختتام

ڈاکٹر عبدالصمد سنجرانی نے فاتح ٹیم کو ٹرافی اور انعامات دیے۔ نوجوانوں میں مثبت سوچ اور صحت مند سرگرمیوں کے فروغ پر زور

نوجوانوں کی کردار سازی اور ان میں مثبت سوچ بیدار کرنے کے لیے کھیل بے حد ضروری ہیں، عبدالصمد سنجرانی

خان آف رخشا سپورٹس اینڈ کلچر فیسٹیول کا شاندار اختتام

خان آف رخشا (یو این اے) گورنمنٹ آف بلوچستان کے رائیز یوتھ پروگرام کے تحت منعقدہ رخشان سپورٹس و کلچر فیسٹیول کا سب سے سنسنی خیز اور متوقع مرحلہ یعنی کرکٹ ٹورنامنٹ کا شاندار فائنل منچ اتوار کی شام رخشوں کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ شائقین سے کھچا کھچ بھرے کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے اس فائنل معرکے میں خان آف رخشا کی دو روایتی اور مضبوط حریف ٹیموں خان آف گرین اور خان آف دامنِ کوہ کے درمیان

بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 6 پر



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کا فائنل میچ دیکھ رہے ہیں

جعلی حکمرانوں کی الٹی گنتی شروع ہوگئی ہے

آغا صادق

عوام کا جوش وجذبہ بتا رہا ہے کہ ملک کے عوام اپنے حقوق، جمہوریت اور حقیقی عوامی حکمرانی کے لیے متحد ہو رہے ہیں



ڈپٹی کمشنر وی فضل الرحمٰن کہدانی ڈسٹرکٹ ایکسپو سیکیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

زیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی قیادت میں عوامی سمندر پورے ملک میں پھیل جائے گا اور تحریک انصاف کی عوامی جدوجہد ایک نئی قوت کے ساتھ آگے بڑھے گی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ طوفانی عوامی مارچ سے جعلی حکمرانوں کی الٹی گنتی شروع ہوگئی ہے، عوام کا جوش وجذبہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ملک کے عوام اپنے حقوق، جمہوریت اور حقیقی عوامی حکمرانی کے لیے متحد ہو رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی قیادت میں عوامی سمندر پورے ملک میں پھیل جائے گا اور تحریک انصاف کی عوامی جدوجہد ایک نئی قوت کے ساتھ آگے بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مارچ محض ایک سیاسی

بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 6 پر

گوادر، سیف سٹی پراجیکٹ اور ڈسٹرکٹ کورٹس کا دورہ

منصوبے کی تکمیل سے شہر میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہوگی، جرائم کی روک تھام میں مدد ملے گی، حکام

گوادر (یو این اے) عوامی تحفظ، قانون کی حکمرانی اور ادارہ جاتی سنگ میل کی سمت مضبوط بنانے کے سلسلے میں آج ایک اہم دورہ کیا گیا، جس کے دوران زیر تعمیر سیف سٹی پراجیکٹ گوادر اور ڈسٹرکٹ کورٹس کمپلیکس کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ دورے کے پہلے مرحلے میں زیر تعمیر سیف سٹی پراجیکٹ گوادر کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر منصوبے کی پیش رفت، تکمیب کے حوالے سے جاری اور جدید نگرانی کے نظام، سگنل ڈیٹا کنٹرول سہولیات اور مجموعی سکیورٹی ڈھانچے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ دورے کے دوران امن کی صورتحال، ٹریفک مینجمنٹ، سیف سٹی پراجیکٹ کی تکمیل سے حاصل ہونے والے ممکنہ ثمرات میں امن و امان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی، جرائم کی روک تھام میں مدد ملے گی اور شہریوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے گی۔ منصوبہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ بعد ازاں ڈسٹرکٹ کورٹس گوادر کا دورہ کیا گیا جہاں عدالتی اصلاح کے تحت ای کورٹس، ای فائلنگ اور ای ریکارڈ سسٹم کی تنصیبات کا جائزہ لیا گیا۔ عدالتی کارروائی کو تیز، شفاف اور عوام کے لیے آسان بنانے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ جوڈیشل کمپلیکس گوادر کی تکمیل سے وکلا، سائلین اور عدالتی عملے کو درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی۔ دورے کے دوران ڈسٹرکٹ جوڈیشل کمپلیکس گوادر کی تکمیل سے وکلا، سائلین اور عدالتی عملے کو درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی۔ دورے کے دوران ڈسٹرکٹ جوڈیشل کمپلیکس گوادر کی تکمیل سے وکلا، سائلین اور عدالتی عملے کو درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی۔

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 6 پر

صحبت پور، جمعہ کے مبارک اجتماع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور سمیت پورے ضلع میں جمعہ کے بابرکت اجتماع کے موقع پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار اور کسی بھی ممکنہ ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے سکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے ہیں، اور ضلعی پولیس کی اضافی

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 6 پر

غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کی جائے گی

سائرہ عطاء

اسکولوں کی باقاعدہ مانیٹرنگ، تدریسی معیار کی بلندی اور طلبہ کا مستقبل محفوظ بنانے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے

تعلیمی اداروں میں نظم وضبط، اساتذہ کی حاضری اور تدریسی سرگرمیوں کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر طرنجل اپنا ہوگا

اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے، تدریسی معیار بلند کرنے اور طلبہ کے تعلیمی مستقبل کو محفوظ بنانے پر خصوصی توجہ۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نصیر آباد حفیظ اللہ کھوسہ تفصیلات کے مطابق ضلع نصیر آباد میں تعلیمی نظام کی بہتری، سرکاری اسکولوں کی کارکردگی میں اضافے اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے مؤثر حکمت عملی وقت کی اہم ضرورت ہے ڈسٹرکٹ

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 6 پر

9 اکتوبر کو بعد از نماز جمعہ جناح روڈ سے عظیم الشان امن ریلی نکالی جائے گی، جمعیت

کوئٹہ (یو این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عباس اللہ خٹک، سینئر نائب امیر مولانا خوشدیہ احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی لیق محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ ملک دقوم کو درپیش مسائل و مشکلات سے نجات اور صحیح سمت کے تعین کے لیے علما حق کی قیادت درہنمائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک کے اسلامی تشخص کے تحفظ و بقا کی اقدار کی پاسداری اور باطل قوتوں کے نامہوم عزائم کا

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 6 پر

وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی کامیاب کارروائی

خضدار (این این آئی) وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس خضدار نے غریب اور مستحق عوام کو فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کی اپنی شاندار روایت برقرار رکھتے ہوئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی ایک مستحق خاتون کو ان کا حق دلا کر ہوا دفیذ دلوادیا۔ وفاقی محتسب کی پروقت مداخلت نے ضلع خضدار کی ایک بیوہ خاتون کا تقریباً ڈیڑھ سال سے روکا گیا وظیفہ بحال کروا دیا۔ وفاقی محتسب کے گریڈ 17 افسر کی جانب سے ہونے والی انکوائری کے بعد متعلقہ معاملے کو رجوع کیا جائے اور خود سے ادویات استعمال کرنے سے گریز کیا جائے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہری بروقت اس کا نوٹس لیں تاکہ مویشی بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکا جاسکے۔ مویشی تبدیلی کے باعث بچوں، بزرگوں اور دیگر شہریوں کو خصوصی احتیاط کی ضرورت ہے۔ شہریوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ سردی ہوں کے باعث موسمی بیماریوں سے شہریوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، جس کے نتیجے میں سرکاری وفی اسپتالوں میں مریضوں کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ شدید خراب ہونے کی صورت میں ضروری طور پر سردی ہوا میں نکلنے سے گریز کریں اور صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھیں۔ شدید خراب ہونے کی صورت میں متعدد معائنے سے رجوع کیا جائے اور خود سے ادویات استعمال کرنے سے گریز کیا جائے۔

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 6 پر

تحریک انصاف کے رہنما رحیم کاکڑ کی عمران خان کو سالگرہ کی مبارکباد

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما وسابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ میں تحریک انصاف کی جان عمران خان کو 74 سالگرہ مبارک ہو اپنے بیان میں ریاست کے بااختیار حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تم نے ایک سچے ایماندار لیڈر جنہوں نے بدکردار کمانے کو بھی جیل میں ڈالا ہوا ہے ان کی زندگی کو خطرات لاحق ہیں ان کی زندگی کو خطرات لاحق ہیں

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 6 پر

صحبت پور، عادل پور تھانے کی حدود میں چوری کی دو وارداتیں

شہریوں کا فوری کارروائی اور مال مویشی بازیاب کرانے کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں پولیس کشت اور گشت کے باعث جرائم پیشہ عناصر بے لگام ہوگئے ہیں، جہاں تھانہ عادل پور کی حدود میں ایک ہی رات کے دوران چوری کی دو بڑی وارداتیں پیش آئی ہیں۔

اطلاعات کے مطابق بیلا چک اسسٹنٹ کمشنر بھی پور عبدالکریم عرف ٹاک جٹی کے گاؤں کے رہائشی مذیر بگرانی کا مویشی ڈھور ڈنگر اور میر خان کا بھی مویشی میر وخان

بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 6 پر

ہوشاب گروک بلوچستان کے رہائشی ہر جان ولد جارحیشے کا لاپتہ بھائی دیگ سے اغوا، رہائتگی کا اعلان

تربت (این این آئی) ہوشاب گروک بلوچستان کے رہائشی ہر جان ولد جارحیشے نے اپنے بھائی دیگ سے اغوا کے اظہار اظہار تشویش کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیگ کو گھر سے اٹھا کر لے جایا گیا، جس کے بعد ہمارا اور ہمارے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں رہا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ہر جان نے کہا کہ دیگ سے ہمارا خاندانی تعلق ختم ہوچکا ہے اور وہ گزشتہ کچھ عرصے سے گھر سے الگ ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر دیگ کسی بھی متنازعہ یا غیر قانونی سرگرمی میں ملوث پایا جاتا ہے تو اس کے کسی بھی عمل سے ان کا یا ان کے خاندان کا کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا خاندان ہر امن شہری ہے اور ہم کسی بھی قسم کی سرگرمی یا غیر قانونی عمل

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 6 پر

جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار اور بردہ فروشی کے خلاف کارروائی، 2 ملزمان گرفتار

ایف سی اور محکمہ جنگلی حیات کی مشترکہ کارروائی، 2 ملزمان گرفتار، 2 مفرور، 2 بندوقیں، 2 موٹر سائیکل اور 2 گاڑیاں برآمد



ایف سی اور محکمہ جنگلی حیات کی مشترکہ کارروائی میں گرفتار ملزمان اور برآمد شدہ اسلحہ

چمتر، میر حسن پولیس کی بڑی کارروائی، مفرور ملزم کے گھر چھاپہ، اسلحہ کا ذخیرہ برآمد

ایس ڈی پی او چمتر اور ایس ایچ او میر حسن شاہین خان سوہتی کی سربراہی میں چھاپہ، ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں تیز

چمتر (یو این اے) میر حسن پولیس کی کارروائی، چمتر شہر و گرد و نواح میں کالعدم تنظیم کے سرگرم رکن اور 30 زندہ کارتوس برآمد

2026 کو جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، ایس ڈی پی او سرکل چمتر کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ میر حسن شاہین خان سوہتی کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے تحریر چوکی کے اڈا ملاں پر مفرور ملزم محمد داؤد ولد غلام مصطفیٰ نے وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار میں ایک تحریری شکایت درج کرائی تھی۔

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 6 پر

ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے سے دو ڈوبتے جان لاپتہ ہوگئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی ربی کے رہائشی دو نوجوان لاپتہ ہوگئے ہیں، جن میں اللہ تعالیٰ نے تاجر برادری کو بڑے نقصان سے محفوظ رکھا۔ لہذا کسی بڑے حادثے کا انتظار کرنے کے بجائے حفاظتی اقدامات کو ترجیح دیتے ہوئے فوری طور پر مستقل فائر شیڈز کی تعمیر ضروری ہے۔ انجمن تاجران نے سیاسی قیادت، مقامی انتظامیہ، متعلقہ اداروں اور مخیر حضرات سے اپیل کی ہے کہ کنکور

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 6 پر

پنجگور، گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول پنجگان میں عالمی یوم اساتذہ پر پروقار تقریب

آج کے دور میں اساتذہ کا کردار کئی گنا بڑھ چکا ہے، جس کی وجہ سے طلبا اور اساتذہ کے درمیان فاصلہ بڑھ گیا ہے، مقررین

پنجگور (یو این اے) گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول پنجگان پنجگور کے زیر انتظام 5 اکتوبر عالمی یوم اساتذہ کے مناسبت سے ماڈل اسکول کے حیات ریٹائرڈ اساتذہ کے اعزاز میں پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں اساتذہ، طلبا، محافظین پنجگان کے معزز شخصیات، والدین اور مہمان نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالقدوس بلوچ تھے۔ مہمانوں نے اس اہم دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ماڈل ایجوکیشن

بقیہ عصر نو مستونگ 1

ہے۔ معاہدے کا نفاذ اور اس کے نتیجے میں سامنے آنے والے تمام اثرات خالصتاً دفاعی نوعیت کے ہوں گے، جبکہ سعودی عرب کا دفاع اس معاہدے کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ معاہدے کے تحت عملی اقدامات، تعیناتیاں کیے جانے والے دستوں اور ان کے استعمال سے متعلق فیصلے آپریشنل کمانڈرز کریں گے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق خطے میں حالیہ برسوں کے دوران نئے سکیورٹی چیلنجز سامنے آئے ہیں، جن کے تناظر میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ ممکنہ خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے مشترکہ دفاعی قوت کا کردار ادا کرے گا۔ معاہدے کے تحت کسی ایک ملک پر حملے کو تمام متعلقہ فریقوں پر حملہ تصور کیا جائے گا، جس سے کسی بھی ممکنہ جارحیت کے نتائج پر مخالف عناصر کو سنجیدگی سے غور کرنا پڑے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ معاہدے کا مقصد کسی کو دشمن یا دوست قرار دینا نہیں، بلکہ دفاعی تعاون کے ذریعے سلامتی اور استحکام کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ سعودی عرب کا دفاع کیا جائے گا۔ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور تنازع کے خاتمے کے لیے معاہدے کی کوششوں پر بات کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان پہلے بھی اختلافات کم کرنے اور مذاکرات کے ذریعے پرامن حل تلاش کرنے کے لیے کردار ادا کرتا رہا ہے، اب بھی کوششیں جاری ہیں اور مستقبل میں بھی یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے امریکا ایران جنگ بندی کے لیے غیر جانبدار ثالث کے طور پر اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان کا بنیادی مفاد علاقائی امن اور استحکام میں ہے، اور تمام شراکت داروں اور دوست ممالک کو یہ پیغام دیا گیا ہے کہ جنگ کو مزید پھیلانے سے کسی کو فائدہ نہیں ہوگا۔ پاکستان چاہتا ہے کہ امریکا ایران تنازع مزید نہ پھیلے اور اختلافات کا حل مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے نکالا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے کشیدگی میں کمی اور بات چیت کا راستہ اختیار کرنا ضروری ہے۔ (ڈی جی آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اچانک وجود میں آنے والا اتحاد نہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستانی افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا نفاذ، اس کے تمام اثرات دفاعی نوعیت کے ہوں گے، یہ کس طرح ہوگا؟ کون سا دستہ وہاں جائے گا؟ اسے کس انداز میں استعمال کیا جائے گا؟ اس کا فیصلہ آپریشنل کمانڈرز کریں گے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کو خطے کے استحکام کی ضمانت قرار دیتے ہوئے کہا کہ خطے میں حالیہ برسوں میں نئے سکیورٹی چیلنجز نے جنم لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ کسی بھی ممکنہ خطرے کو ناکام بنانے کی مشترکہ دفاعی قوت کا کام کرے گا، کسی بھی ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہو گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ اس کو دیکھتے ہوئے کوئی بھی عناصر مذموم مقاصد کو عملی جامع پہنانے سے پہلے کئی بار سوچیں گے، اس کا مقصد کسی کو دشمن یا دوست قرار دینا نہیں، ایک مقصد سعودی عرب کا دفاع کرنا ہے اور دفاع کیا جائے گا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ ایران امریکا جنگ کے خاتمے اور معاہدے کی کوششیں کر رہے ہیں، آئندہ بھی کرتے رہیں گے، چاہتے ہیں کہ اختلافات کم ہوں، مذاکرات کے ذریعے پرامن حل نکلے، تنازع مزید نہ پھیلے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے غیر جانبداری سے امریکا اور ایران جنگ بندی کے لیے اہم کردار ادا کیا، ہمارا مفاد علاقائی امن اور استحکام میں ہے، جنگ کو مزید پھیلانے سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

بقیہ عصر نو مستونگ 2

ان کا منہ صوبائی کی طرف ہوتا ہے تو یوٹرن لے کر دوسرے شہر چلے جاتے ہیں، یہ نہیں آئیں گے، صوبائی پارکر کے دکھائیں۔ گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ گزشتہ چند دنوں سے صوبے میں سرکس دیکھنے کو مل رہا ہے، ہمارا صوبہ جل رہا ہے، صوبائی حکومت کی ٹیم کہیں بھی نظر نہیں آ رہی، نیشنل ایکشن پلان کے تحت ہم نے کیا کیا۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ پولیس فورس میں 17000 سے زیادہ اسامیاں خالی ہیں، پولیس کی ڈیمانڈ 42 ارب روپے تھی، ان کو ایک ارب 20 کروڑ روپے دیے گئے، ضم اضلاع میں 7 پولیس اسٹیشن اب تک نہیں بنے، یہی لوگ دہشت گردوں کے سہولت کار ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ حکومت اور پی ٹی آئی میں ثالثی کا پوری طرح علم نہیں، سنا ہے مولانا فضل الرحمان سے ثالثی کے لیے رابطہ کیا گیا ہے، مولانا ثالثی کے لیے آتے ہیں تو خیر مقدم کریں گے۔ ٹاؤن میں 25 ایکڑ رقبے پر قائم اسپورٹس کمپلیکس کی افتتاحی تقریب سے خطاب اور بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ خیبرپختونخوا کے حالات سب کے سامنے ہیں۔ ایک وزیراعلیٰ مذاکرات کا راستہ چھوڑ کر نفرتی سیاست کی طرف جا رہا ہے، جس کا نقصان خود پاکستان تحریک انصاف کو ہو رہا ہے۔ پی ٹی آئی اپنے فیصلوں سے اپنے کارکنوں اور حامیوں کو مایوس کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر سہیل آفریدی واقعی عمران خان سے مخلص ہیں تو انہیں انتہا پسندی کی سیاست ترک کر دینی چاہیے، ورنہ عمران خان جیل میں رہنے کے حوالے سے آصف علی زرداری کا ریکارڈ بھی توڑ سکتے ہیں۔ آصف علی زرداری 14 سال جیل میں رہے، تاہم ملک کی تاریخ ہے کہ جیل جانے والے رہائی بھی پاتے رہے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیادی سوچ مذاکرات اور سیاسی مکالمہ ہے۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمن کی مذاکرات کے لیے کوششوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ کامیاب ہوں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں دہشت گردی کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، ایسے حالات میں اگر صوبائی حکومت وفاق کے ساتھ تعاون نہ کرے تو ایمرجنسی یا گورنر راج کی مخالفت کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ بظاہر ایسا لگتا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا خود چاہتے ہیں کہ وہاں گورنر راج نافذ ہو۔ سیاسی استحکام کے بغیر دہشت گردی سے نمٹنا مشکل ہوگا۔ نئے صوبوں کے قیام کے مطالبے پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ صوبہ بنانے کا فیصلہ عوام کی رائے اور اتفاق رائے کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔ انہوں نے مصطفیٰ کمال، محسن نقوی اور کاروباری برادری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس معاملے پر عوامی رابطہ مہم چلائیں اور بلدیہ، لیاری، سکھر، لاڑکانہ اور سجاول سمیت مختلف علاقوں میں جا کر لوگوں سے پوچھیں کہ آیا وہ نیا صوبہ چاہتے ہیں یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام صوبے کا مطالبہ کرتے ہیں تو یہ ان کا حق ہے اور پیپلز پارٹی ان کے ساتھ ہے۔ جہاں عوام صوبہ بنانے کے حق میں ہوں اور اتفاق رائے موجود ہو، وہاں اس معاملے پر پیش رفت ہونی چاہیے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کراچی ماضی میں نفرت اور تقسیم کی سیاست کا خمیازہ بھگت چکا ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 3

بروقت پہنچانا یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسلام آباد میں ملک کے بڑے کمرشل بینکوں کے صدور اور چیف ایگزیکٹو افسران کے وفد سے ملاقات کی اور وزیراعظم اپنا گھر پروگرام، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) اور زرعی شعبے میں قرضوں کی فراہمی کے لیے بینکاری شعبے کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے عوام کو اپنے گھر کا مالک بنانے، چھوٹے کاروباروں کو مالی معاونت فراہم کرنے اور کسانوں کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لیے بینکوں کے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ ان کی ترقی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عام شہریوں، کاروباری افراد اور کسانوں کو مالی وسائل تک رسائی فراہم کرنا ہے، جبکہ ہاؤسنگ، ایس ایم ایز اور زراعت کے شعبوں میں قرضوں کی فراہمی بہتر بنانے سے سرمایہ کاری، پیداوار اور مجموعی معاشی ترقی کو تقویت ملے گی۔ اجلاس کو وزیراعظم اپنا گھر پروگرام پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اس اسکیم کے تحت اب تک 426 ارب روپے کے قرضے منظور کیے جا چکے ہیں، جن میں سے 76 ارب روپے جاری کیے گئے ہیں۔ مالی سال 2026-27 کے لیے 125,000 رہائشی یونٹس کی تعمیر اور فراہمی کے سلسلے میں 700 ارب روپے کی فنانسنگ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے قرضوں کی منظوری اور ان کی اصل ادائیگی کے درمیان فرق کم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو حقیقی فائدہ اسی وقت پہنچے گا جب منظور شدہ رقوم بروقت فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ عصر نو مستونگ 4

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے رکن صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی ایک دانشور اور ادارے کی حیثیت رکھتے تھے، تاہم ان کی وفات کے بعد ان کی میت کو دہشت گرد تنظیم کے پرچم میں لپیٹا گیا، جس پر انہیں حیرت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد بلوچ عوام کے بھی دشمن ہیں اور پلوں کو دھماکوں سے اڑاتا کہ متعلقہ محکمہ میرٹ پر فیصلہ کر سکے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ بلوچستان کے لوگوں کی زمینیں محکمہ جنگلات کو کیوں الاٹ کی جا رہی ہیں کیا وہاں پر کھر اینچڑ مظلوم ہیں؟ جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنگلات کی زمینیں آج سے نہیں بلکہ ایک عرصے سے محکمہ جنگلات کو الاٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ جنگلات کی زمین ہے اور اس حوالے سے وجوہات پر تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔ حکومت 78 سال بعد زمینوں کا ریکارڈ ڈیجیٹلائز کر رہی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ اس معاملے پر مکمل بریفنگ دینے کے لیے تیار ہیں اور اس مقصد کے لیے آئندہ ہفتے اجلاس رکھا جائے گا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ مائنز اینڈ منرلز اور محکمہ جنگلات کے معاملات پر اپوزیشن کو ساتھ لے کر چلیں گے اور ہر معاملے میں اپوزیشن کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وہ ہمیشہ اپوزیشن کو ساتھ لے کر چلتے ہیں اور جب تک وہ ایوان میں موجود ہیں، گالم گلوچ نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میرے بار بار معافی مانگنے پر اعتراض کرنے والوں سے کہتا ہوں کہ ہم غلطیاں کریں گے اور معافی بھی مانگیں گے ہم ابلیس نہیں کہ یوٹرن نہیں لے سکتے جہاں غلطی ہوگی یا کسی رکن اسمبلی کی دل آزاری ہوگی اس پر معافی مانگیں گے جب اللہ نے توبہ کا دروازہ کھلا رکھا ہے تو ہم بھی اپنی غلطیاں سدھاریں گے۔ انہوں نے جناح [illegible] ٹرین کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ عوام کا اثاثہ ہے اور اس کی حفاظت کرنا عوام کی ذمہ داری ہے۔ اگر اس کے شیشے توڑے جائیں گے اور نقصان پہنچایا جائے تو حکومت پہلے وارننگ دے گی اس کے بعد کارروائی کریں گے۔ بعدازاں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 12 اکتوبر سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ عصر نو مستونگ 5

فیصلوں کی منظوری دے دی گئی۔ کابینہ نے معدنی وسائل سے حاصل ہونے والے مالی فوائد کے مؤثر استعمال، غیر رسمی تعلیم کے فروغ، سرکاری اسکولوں میں دوہری تدریسی شفٹ، بند صنعتوں کی بحالی، سرکاری خریداری کے نظام میں شفافیت، کاروبار میں آسانی، ٹیلی میڈیسن، خواتین کے تحفظ اور عوام کو سرکاری خدمات کی فراہمی آسان بنانے سمیت مختلف شعبوں میں اصلاحات کی منظوری دی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کابینہ اجلاس کے فیصلوں سے متعلق میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ اجلاس میں منظور کیے گئے اقدامات صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ، انتظامی نظام کی بہتری اور عوامی ضروریات کے مطابق پالیسی سازی کی جانب اہم پیش رفت ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ صوبائی کابینہ نے بلوچستان معدنی ترقیاتی فنڈ کے استعمال کی پالیسی کی منظوری دی ہے۔ بلوچستان قدرتی معدنی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل سے حاصل ہونے والے مالی فوائد کو محض آمدن تک محدود رکھنے کے بجائے صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے مؤثر انداز میں بروئے کار لانا ضروری ہے۔ اس پالیسی کا مقصد معدنی وسائل سے حاصل ہونے والے فنڈز کے استعمال کے لیے واضح سمت اور مؤثر طریق کار وضع کرنا ہے تاکہ ان وسائل کے ثمرات صوبے کے عوام تک پہنچ سکیں۔ کابینہ نے بلوچستان سیاحتی پالیسی اور بلوچستان ثقافتی پالیسی کے مسودوں کی بھی منظوری دی۔ بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی مقامات، قدیم تہذیب، روایتی ثقافت اور منفرد جغرافیائی خصوصیات کا حامل صوبہ ہے۔ ان پالیسیوں کے ذریعے سیاحتی مقامات کی ترقی، سیاحت سے وابستہ معاشی سرگرمیوں کے فروغ، مقامی آبادی کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ پر توجہ دی جائے گی۔ تعلیم کے شعبے میں کابینہ نے بلوچستان غیر رسمی تعلیم ایکٹ 2025 کی منظوری دی۔ حکومت بلوچستان رواں سال شرح خواندگی میں اضافے کے لیے ایک نیا پروگرام شروع کر رہی ہے، جس کے تحت 10 سے 16 سال کی عمر کے تقریباً 16 لاکھ بچوں کو تعلیمی دھارے میں لانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ مختلف وجوہات کی بنا پر اسکولوں میں داخل نہ ہونے والے بچوں کو غیر رسمی تعلیم کے ذریعے تعلیمی مواقع فراہم کیے جائیں گے تاکہ انہیں دوبارہ تعلیم کے دھارے میں شامل کیا جا سکے اور کوئی بچہ تعلیم کے حق سے محروم نہ رہے۔ اسی سلسلے میں صوبائی کابینہ نے سرکاری اسکولوں میں دوہری تدریسی شفٹ شروع کرنے کی پالیسی کی بھی منظوری دی۔ اس اقدام کے تحت موجودہ تعلیمی عمارتوں اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر انداز میں استعمال کرتے ہوئے شام کے اوقات میں تدریسی سرگرمیاں شروع کی جائیں گی

بقیہ عصر نو مستونگ 6

کیا جائے گا۔ جبکہ بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کیلئے بحرین کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے 7 اور 8 اکتوبر 2026 کو پاکستان کا سرکاری دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سے دوطرفہ مذاکرات کیے جبکہ صدر مملکت اور وزیراعظم سے بھی ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز سے بھی ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف الزیانی نے آبنائے ہرمز کی صورت حال کے حوالے سے اپنے ملک کے مؤقف کی وضاحت کی اور خطے میں حالیہ بحرانوں کے دوران، بالخصوص اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں، پاکستان کے سفارتی کردار کو سراہا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے فلسطین، بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر، سندھ طاس معاہدے اور افغانستان سے جنم لینے والے دہشت گردی کے خطرات کے حوالے سے پاکستان کے اصولی مؤقف کو اجاگر کیا۔ یہ دورہ پاکستان اور بحرین کے دوطرفہ تعلقات میں پیش رفت کا جائزہ لینے اور باہمی تعاون کو مزید تقویت دینے کا اہم موقع ثابت ہوا۔ اس سے دونوں ممالک کے درمیان قریبی اور برادرانہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے مشترکہ عزم کا بھی اعادہ ہوا۔

بقیہ عصر نو مستونگ 7

جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے سی پیک کے تحت بلوچستان میں جاری اور مکمل ہونے والے منصوبوں سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا۔ انہوں نے استفسار کیا کہ سی پیک کے تحت بلوچستان میں مجموعی طور پر کتنے منصوبے شروع کیے گئے، ان میں سے کتنے مکمل ہو چکے ہیں اور ہر مکمل منصوبے کا شعبہ، لاگت، آغاز اور تکمیل کی تاریخ کیا ہے۔ توجہ دلاؤ نوٹس میں بلوچستان میں سی پیک کے دوسرے مرحلے (فیز ٹو) کے تحت شامل منصوبوں کی تفصیلات بھی طلب کی گئیں اور پوچھا گیا کہ یہ منصوبے کب تک مکمل ہوں گے۔ بعدازاں توجہ دلاؤ نوٹس کو نمٹا دیا گیا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے ضلعی اور استعمال کرتی ہے، جبکہ خطے کی موجودہ صورتحال کے باعث وفاقی حکومت کو ان وسائل کی بہت ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کی بچت سے بلوچستان میں این 25 شاہراہ کا منصوبہ بھی بن رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ وہ ذاتی طور پر اس قرارداد کی حمایت نہیں کرتے، تاہم ارکان اپنی مرضی کے مطابق فیصلہ کرنے میں آزاد ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اگر حالات معمول کے مطابق ہوتے اور جنگ کی صورتحال نہ ہوتی تو وہ قرارداد کی حمایت کرتے۔ اجلاس کے دوران حکومتی ارکان نے ملکی حالات کے تناظر میں مولانا ہدایت الرحمان بلوچ سے قرارداد واپس لینے کی درخواست کی، جبکہ اپوزیشن ارکان نے قرارداد کی حمایت میں اظہار خیال کیا۔ بعدازاں ایوان میں رائے شماری کے بعد پیٹرولیم لیوی کی مد میں وصولیاں بند کرنے سے متعلق قرارداد منظور کر لی گئی۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے ضلع واشک میں ٹراما سینٹر کے قیام سے متعلق قرارداد ایوان میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ ضلع واشک میں ٹریفک حادثات اور دیگر ہنگامی طبی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کوئی ٹراما سینٹر موجود نہیں ہے اس بنیادی سہولت کے فقدان کے باعث شدید زخمیوں اور دیگر مریضوں کو فوری طور پر طبی

بقیہ عصر نو مستونگ 8

کریک ڈاؤن کے مثبت نتائج سے آگاہ کیا اور ترکیہ کے وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان سے ترکیہ کی جانب غیر قانونی امیگریشن کی شرح 70 فیصد سے کم ہو کر 17 فیصد رہ گئی۔ ترکیہ کے وزیر داخلہ نے غیر قانونی امیگریشن کی شرح میں غیر معمولی کمی پر پاکستانی اقدامات کو سراہا، ملاقات کے دوران پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دہشتگردی، منشیات اور منظم جرائم کے سدباب کے لیے تعاون بڑھانے کا معاہدے پر دستخط کیے گئے، دونوں وزرائے داخلہ نے دستخط کیے، دونوں وزارت داخلہ کے درمیان تعاون بڑھانے کے لئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق کیا گیا، ملاقات میں سائبر پولیس، اینٹی نارکوٹکس فورس، نیشنل پولیس اکیڈمی اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا، دونوں ممالک کے درمیان تکنیکی معاونت، ماہرین کے تبادلوں اور مشترکہ اقدامات کے ذریعے تعاون بڑھایا جائے گا۔

بقیہ عصر نو مستونگ 9

ملتا ہے تو یہ نہ صرف اس فرد کیلئے اطمینان کا باعث بنتا ہے بلکہ ریاستی اداروں پر عوام کے اعتماد میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ عوام کو سستا، فوری اور قابل رسائی انصاف فراہم کرنے کی خاطر صوبائی محتسب کے ادارے کو مزید فعال اور مؤثر بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی محتسب کو مختلف سرکاری محکموں کے خلاف موصول ہونے والی درخواستوں اور شکایات کی ہفتہ وار سماعت کے دوران کیا۔ اس موقع پر گورنر جعفر خان مندوخیل نے سرکاری محکموں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اداروں میں عوامی خدمات کی فراہمی بہتر بنانے، انتظامی امور میں شفافیت یقینی بنانے، بھرتیوں اور ترقیوں میں میرٹ کی پاسداری اور ہر قسم کی بدعنوانی و بے ضابطگی کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کریں۔ سرکاری اداروں کی کارکردگی کا اصل معیار عوام کو درپیش مسائل کا بروقت حل اور ان کے جائز حقوق کا تحفظ ہونا ضروری ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ انصاف کی فراہمی میں تاخیر معاشرے کے غریب اور نادار طبقات کیلئے ایک سنگین مسئلہ ہے کیونکہ انہیں پہلے ناانصافی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور بعدازاں طویل قانونی و انتظامی کارروائیوں کے باعث مالی مشکلات، ذہنی اذیت اور غیر ضروری پریشانیوں سے بھی گزرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے صوبائی محتسب کے ادارے پر زور دیا کہ وہ شکایات کے اندراج، ان کی جانچ پڑتال اور فیصلوں کے عمل کو مزید مؤثر بنائے تاکہ عام شہریوں کو اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے طویل اور مہنگے قانونی مراحل سے نہ گزرنا پڑے۔ ان کا کہنا تھا کہ بالخصوص معاشرے کے غریب اور کمزور طبقات کو انصاف کی فراہمی ریاست کی اہم ذمہ داری ہے، کیونکہ وہ اکثر وکلا کی بھاری فیسیں اور طویل عدالتی کارروائیوں کے اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ انہوں نے مختلف سرکاری محکموں اور اداروں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ دفتری امور میں عوام کی جائز شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں اور شہریوں کو غیر ضروری تاخیر، پیچیدہ طریقہ کار اور دفتری رکاوٹوں سے بچانے کیلئے مؤثر طریقہ کار وضع کریں۔ گورنر نے وضاحت کی کہ گورنر ہاؤس کے شکایات سیل کے ذریعے ہفتہ وار سماعت کا یہ طریقہ کار ایک نیم عدالتی فورم، جسے قانونی اصطلاح میں کوازی کورٹ (CourQuas) کہا جاتا ہے کے طور پر کام کرتا ہے۔ اس کا مقصد متعلقہ شکایات کا جائزہ لیکر قانون اور ضابطوں کے مطابق انکے حل کی راہ ہموار کرنا اور متاثرہ شہریوں کو مؤثر داد رسی فراہم کرنا ہے۔ اس موقع پر جعفر خان مندوخیل نے گورنر ہاؤس کی ٹیم بالخصوص ایڈیشنل سیکرٹری گورنر سیکرٹریٹ عبدالغفور کاکڑ کی کوششوں کو سراہا اور عوامی شکایات کے ازالے کی خاطر ان کی کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا۔

بقیہ عصر نو مستونگ 10

مذاکرات ختم ہونے کے بعد بھی رابطے موجود رہے ہیں، محسن نقوی کے پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے ہیں جبکہ بیرسٹر گوہر خان، عامر ڈوگر اور اسد قیصر سے بھی فون پر بات چیت ہوتی رہی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا اپنا سیاسی موقف ہے اور حکومت کا اپنا موقف ہے تاہم کسی سمجھوتے کے بغیر مذاکرات دوبارہ شروع کرنا زیادہ مفید نہیں ہوگا۔ اگر کسی معاملے پر کوئی سمجھوتہ ہو جائے تو مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ حکومت ایک طرف مذاکرات کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے تو دوسری جانب پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی صورتحال بھی دیکھ رہی ہے۔ لانگ مارچ کے پہلے دو دنوں کی صورتحال سے آئندہ کے حالات کا اندازہ ہوگا۔ قومی اسمبلی میں محمود اچکزئی کو ملاقات کی دعوت دی تھی، جس کے جواب میں محمود اچکزئی نے وزیراعظم کو خط لکھنے کا کہا۔ خط لکھے جانے کے بعد بھی انہوں نے وزیراعظم کے گھر پر ملاقات سے انکار کر دیا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ محمود اچکزئی کا وزیراعظم شہباز شریف کو وزیراعظم نہ ماننا مناسب نہیں، سیاسی رہنماؤں کو ایک دوسرے کا احترام کرنا چاہیے۔ اگر محمود اچکزئی نواز شریف سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں تو ضرور کریں تاہم وزیراعظم کو ان کے خط کا جواب دینا چاہیے اور ملاقات کے لیے وقت مقرر کرنا چاہیے۔ وزیراعظم سے ملاقات محمود اچکزئی کی آئینی ذمہ داری ہے اور ایسی ملاقات میں آئینی معاملات پر بات ہونی چاہیے، یہ محمود اچکزئی کا ذاتی مسئلہ ہے نہ شہباز شریف کا۔ رانا ثنا اللہ نے بتایا کہ حکومت نے سیاسی کمیٹی کے قیام پر اتفاق کیا تھا جس کا مقصد تمام مسائل کو ایک پلیٹ فارم پر بیٹھ کر حل کرنا تھا۔ دہشتگردی کے معاملے پر بھی پی ٹی آئی کو اس طرح کا موقف اختیار نہ کرنے کا کہا گیا تھا۔ دہشتگردی ایک قومی مسئلہ ہے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکتوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سول انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے پولیس اور سی ٹی ڈی مؤثر انداز میں موجود نہیں اس لیے صوبائی حکومت کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں۔ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات اور ان کے علاج کے معاملات پر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ یہ امور قانون اور جیل مینوئل کے مطابق ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں شروع کرنے کے لیے منگل کا وقت دیا گیا تھا تاہم ملاقاتوں کو سیاسی طور پر استعمال نہ کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔

بقیہ عصر نو مستونگ 11

رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں مزید 0.57 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح تقریباً 12 فیصد کی سطح پر پہنچ گئی ہے۔ ہفتہ وار بنیادوں پر سالانہ مہنگائی کی شرح 11.97 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 20 اشیا کی قیمتیں بڑھ گئیں جبکہ صرف 6 اشیا سستی ہوئیں۔ ہفتہ وار بنیادوں پر آلو کی قیمت میں 5.69 فیصد، مرغی کے گوشت میں 4.93 فیصد اور دال چنے میں 3.99 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح پیٹرول اور ٹماٹر کی قیمتوں میں 2.40 فیصد، دال مسور میں 1.29 فیصد اور تیار چائے میں 1.08 فیصد اضافہ ہوا۔ لہسن، ایل پی جی، سگریٹ، دہی، بریڈ، انڈے، پیاز اور بچوں کا خشک دودھ بھی مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ دوسری جانب ہفتہ وار بنیاد پر کیلے 2.81 فیصد، ڈیزل 1.37 فیصد، آلو 0.89 فیصد اور چینی 0.37 فیصد سستے ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق سالانہ بنیادوں پر پیاز کی قیمت میں 100.24 فیصد، ایل پی جی میں 68.55 فیصد، بجلی کے نرخوں میں 58.59 فیصد، پیٹرول میں 47.52 فیصد، ڈیزل میں 42.52 فیصد اور آٹے میں 32.60 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح مرچ پاؤڈر 15.55 فیصد، مٹن 15.02 فیصد، بیف 12.60 فیصد، مرغی 9.44 فیصد اور سادہ ڈبل روٹی 8.99 فیصد مہنگی ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال کے مقابلے میں آلو 39.51 فیصد، ٹماٹر 37.07 فیصد، چینی 22.44 فیصد، انڈے 18.88 فیصد، نمک پاؤڈر 14.81 فیصد، دال مسور 9.79 فیصد، گڑ 8.59 فیصد اور دال مونگ 8.37 فیصد سستی ہوئی۔

بقیہ عصر نو مستونگ 12

اعلامیہ جاری نہ ہونے سے حقائق تبدیل نہیں ہوں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کی ہے، جبکہ پاکستان سعودی عرب اور اس کے عوام کے دفاع کے حق کی حمایت کرتا ہے۔ دوسری جانب افغانستان سے دہشت گردی کے معاملے پر پاکستان نے ماسکو فارمیٹ اجلاس میں اپنا مؤقف واضح طور پر پیش کیا اور کہا کہ مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہونے سے خطے کے حقائق تبدیل نہیں کیے جا سکتے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کی ہے۔ پاکستان اس سے قبل 2 ستمبر کو مدینہ منورہ پر ہونے والے حملوں کی بھی مذمت کر چکا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان مکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے اور سعودی عرب اور اس کے عوام کے دفاع کے حق سے متعلق اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ ترجمان کے مطابق مکہ دفاعی معاہدے کی اسٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاکستان کے وزیر خارجہ، وزیر دفاع اور فیلڈ مارشل نے شرکت کی۔ اجلاس میں دفاعی تعاون کو آگے بڑھانے اور اس سلسلے میں عملی اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کو دونوں ممالک کی سلامتی اور علاقائی استحکام کے تناظر میں اہم قرار دیا جاتا ہے۔ کمیٹی کے اجلاس میں عملی اقدامات پر اتفاق دفاعی تعاون کے ادارہ جاتی طریقہ کار کو آگے بڑھانے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے افغانستان سے متعلق ماسکو فارمیٹ اجلاس پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے اجلاس میں شرکت کی اور افغانستان کے اندر سے ہونے والی دہشت گردی کے معاملے پر اپنا مؤقف پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے واضح کیا کہ افغان سرزمین سے دہشت گردی کی کارروائیاں ہو رہی ہیں اور اس معاملے کا ذکر ماسکو فارمیٹ کے سابقہ مشترکہ اعلامیوں میں بھی موجود رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق طالبان حکام نے مشترکہ اعلامیہ جاری کرنے سے انکار کیا، تاہم مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہونے سے خطے کے حقائق تبدیل نہیں کیے جا سکتے۔ پاکستان کا مؤقف ہے کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے اور خطے میں پائیدار امن کے لیے دہشت گردی کے خطرات سے نمٹنا ضروری ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 13

ادارے کے مطابق میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کے دوران کہا کہ امریکہ میں مڈٹرم انتخابات سے قبل ہم ایران پر حملہ نہیں کریں گے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا تھا کہ ٹرمپ کے اس بیان سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ واشنگٹن فی الحال ایران کے خلاف براہ راست جنگ یا بڑے فوجی آپریشن سے گریز کرنا چاہتا ہے۔ وسط مدتی انتخابات امریکی صدر کے لیے سیاسی طور پر انتہائی اہم ہوتے ہیں، اس لیے ایران کے ساتھ جنگ شروع ہونے کی صورت میں اس کے سیاسی اور معاشی اثرات پڑ سکتے ہیں۔ اگر امریکا واقعی انتخابات تک حملے سے گریز کرتا ہے تو اس دوران امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات یا کشیدگی کم کرنے کی کوششوں کے لیے گنجائش پیدا ہو سکتی ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 14

رہے ہیں جن کی نیتیں ٹھیک نہیں ہیں، ٹی ٹی پی کے ساتھ سیٹ اور ان کے ساتھ ملی بھگت میں ہے۔ ایک بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی کے پاکستان کے دشمنوں سے رابطے ہیں، یہ بھتے کی شکل میں ان کی مدد بھی کرتے ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ تحریک انصاف کے پاکستان دشمنوں سے رابطوں اور بھتے کے شواہد موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے ٹی ٹی پی کے ساتھ سیٹ ہیں، ہمارا ایک صوبہ ان کا یرغمال بنا ہوا ہے، صوبائی حکومت ان کے ساتھ ملی بھگت میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کون سی روایت ہے کہ جب اقتدار میں نہ ہوں تو ملک کے دارالحکومت پر دھاوا بول دو، ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں، جن کی نیتیں ٹھیک نہیں۔

بقیہ عصر نو مستونگ 15

ادارے کے مطابق میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کے دوران کہا کہ امریکہ میں مڈٹرم انتخابات سے قبل ہم ایران پر حملہ نہیں کریں گے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا تھا کہ ٹرمپ کے اس بیان سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ واشنگٹن فی الحال ایران کے خلاف براہ راست جنگ یا بڑے فوجی آپریشن سے گریز کرنا چاہتا ہے۔ وسط مدتی انتخابات امریکی صدر کے لیے سیاسی طور پر انتہائی اہم ہوتے ہیں، اس لیے ایران کے ساتھ جنگ شروع ہونے کی صورت میں اس کے سیاسی اور معاشی اثرات پڑ سکتے ہیں۔ اگر امریکا واقعی انتخابات تک حملے سے گریز کرتا ہے تو اس دوران امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات یا کشیدگی کم کرنے کی کوششوں کے لیے گنجائش پیدا ہو سکتی ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 16

مارکیٹ میں اضافے کے بعد سونے کی نئی قیمت 4 ہزار 184 ڈالر فی اونس ہوگئی۔ مقامی صرافہ بازاروں میں فی تولہ سونے کی قیمت بڑھ کر 4 لاکھ 40 ہزار 936 روپے ہوگئی۔ اسی طرح فی 10 گرام سونے کی قیمت 5 ہزار 58 روپے اضافے سے 3 لاکھ 78 ہزار 31 روپے کی سطح پر آگئی۔ سونے کے ساتھ چاندی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا۔ مقامی مارکیٹ میں فی تولہ چاندی 144 روپے مہنگی ہو کر 6 ہزار 512 روپے جبکہ فی 10 گرام قیمت 123 روپے اضافے سے 5 ہزار 582 روپے ہوگئی۔

بقیہ عصر نو مستونگ 17

میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ مملکت سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے بار بار ہونے والے دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں جن میں ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نشانہ بنانا بھی شامل ہے، ان حملوں کے نتیجے میں جانی نقصان کے ساتھ ساتھ متعدد افراد زخمی ہوئے۔ وزیراعظم نے سعودی مسلح افواج اور اتحادی افواج کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے متعدد بیلسٹک میزائلوں کو راستے میں ہی تباہ کر دیا۔ انہوں نے معصوم جانوں کے تحفظ اور مملکت کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے ان کی مسلسل کوششوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان، مملکت سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے اور اس کی اسٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کے مطابق سعودی عرب کی خود مختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، ہم سعودی عرب کے اپنے عوام کے دفاع اور اپنے شہروں اور اہم تنصیبات کے تحفظ کے جائز حق کی بھی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ حوثی ملیشیا کو یہ حملے فوری طور پر بند کرنے چاہئیں، ہم ان خطرات کے مقابلے میں سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 18

سیشن جج چوہدری عامر ضیاء نے درخواست ضمانت پر فیصلہ سنایا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم کے قبضے سے وزارت داخلہ کے مونوگرام، جعلی کارڈز، اتھارٹی لیٹرز اور گاڑیوں کی جعلی رجسٹریشن برآمد ہوئیں۔ جج عامر ضیاء نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ ایسے مقدمات میں ملزم حق کے طور پر ضمانت کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ عدالت نے کہا کہ مدعی مقدمہ کی ملزم کے خلاف کوئی ذاتی عناد ظاہر نہیں ہوتی، جوڈیشل مجسٹریٹ کی جانب سے درخواست ضمانت خارج کرنے کا فیصلہ برقرار رکھا جاتا ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 19

دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے۔ عزم استحکام وژن کے تحت کارروائی میں فتنہ الخوارج کے متعدد ٹھکانے بھی تباہ کر دیے گئے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 20

آفریدی نے سائلین کی سہولت کیلئے سپریم کورٹ میں انتظامی اصلاحات کے حوالے سے وکلا کے ساتھ خصوصی نشست کی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے بتایا کہ جلد سماعت کی تمام درخواستیں سماعت کیلئے فکس کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جلد سماعت کی درخواستوں پر کارروائی کی منظوری رجسٹرار دیتا ہے، جلد سماعت کی درخواست کے ساتھ ٹھوس جواز ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس سے متعلق 400 مقدمات کا ایک ماہ میں فیصلہ کیا گیا ہے، ٹیکس سے متعلق سال 2024 کے صرف 23 کیسز رہ گئے ہیں۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے واضح کیا کہ سپریم کورٹ میں اب ٹیکس سے متعلق سال 2025 اور 2026 کے مقدمات پینڈنگ ہیں۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ اب فکسیشن پالیسی کے برعکس کیس نہیں لگ سکتا، فکسیشن پالیسی کے تحت ہی مقدمات کی سماعت مقرر ہوتی ہے، کسی بینچ میں آؤٹ آف ٹرن کوئی کیس لگ جائے تو جج رجسٹرار کو بلا لیتا ہے۔ بعدازاں سپریم کورٹ میں سائلین کے لیے لیگل کال سینٹر (فری لیگل ایڈوائس) کا افتتاح کر دیا گیا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی موجودگی میں لیگل کال سینٹر کا افتتاح پہلے کال محمد سلیم نے کیا۔ چیف جسٹس نے اس موقع پر بتایا کہ لیگل کال سینٹر میں فری قانونی معاونت فراہم کی جائے گی۔ جسٹس شہزاد ملک، جسٹس شفیع صدیقی افتتاح میں شریک ہوئے جب کہ صدر سپریم کورٹ بار اور وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل بھی تقریب میں موجود تھے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 21

علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹس سے درجنوں پروازیں منسوخ اور گھنٹوں تاخیر کا شکار ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 42 پروازیں منسوخ اور 68 دو سے سات گھنٹے تک تاخیر کا شکار ہونے کی وجہ سے ہزاروں مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ سعودی عرب کی پروازیں منسوخ ہونے سے عمرہ زائرین کو سب سے زیادہ مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق سعودی عرب کے مختلف ایئرپورٹ پر سکیورٹی وجوہات کی بنا پر پروازیں منسوخ کی گئیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 13 پروازیں منسوخ، 12 تاخیر کا شکار ہوئیں، کراچی ایئرپورٹ سے 10 پروازیں منسوخ ہوئیں اور 13 تاخیر کا شکار ہوئیں جبکہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر 9 پروازیں منسوخ اور 8 تاخیر کا شکار ہوئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق اس کے علاوہ ملتان ایئرپورٹ سے 7 پروازیں منسوخ ہوئیں۔

بقیہ عصر نو مستونگ 22

شامل ہوں گے جبکہ چاروں صوبوں کی مذہبی امور کی وزارتوں کے سیکریٹری بھی بورڈ کا حصہ ہوں گے۔ متروکہ وقف املاک بورڈ میں 15 غیر سرکاری اراکین کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما افتخار ولی خان بھی متروکہ وقف املاک بورڈ کے رکن مقرر کیے گئے ہیں۔

بقیہ عصر نو مستونگ 23

گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان سے فی الحال کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے مولانا فضل الرحمان مذاکرات میں بہتر کردار ادا کریں گے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 24

میں اختتام پذیر ہوئی، جس میں حکومت، ریگولیٹرز، مالیاتی اداروں، ترقیاتی شراکت داروں اور ماہرین نے پاکستان میں مالی شمولیت کو معاشی ترقی میں تبدیل کرنے کے لیے حکمت عملی پر غور کیا۔ یونائیٹڈ نیشن انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (UNIDO) کے اشتراک اور یورپی یونین کے فنڈ سے چلنے والے PAIDAR پروگرام کے تحت منعقدہ 2 روزہ کانفرنس کا موضوع مالیاتی نظام کا حصہ بنانا ہوگا جبکہ کامیابی کا معیار صرف قرض لینے والوں کی تعداد نہیں بلکہ ان کی معاشی ترقی، کاروبار میں بہتری اور مالی خودمختاری ہونا چاہیے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ مالی شمولیت کو صرف رسائی تک محدود رکھنے کے بجائے معیار اور ضرورت سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ انہوں نے LabsInnovatioPAIDAR کے اجرا کا خیر مقدم کیا، جو سندھ میں دیہی کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں کو مشترکہ طور پر مالیاتی مصنوعات تیار کرنے کا موقع فراہم کریں گے۔ کانفرنس کا اہم نتیجہ PAIDAR ضمانتی فنانسنگ سہولت کے دوسرے مرحلے کی توسیع ہے، جس کے تحت فنانسنگ 20 کروڑ روپے سے بڑھا کر 4.2 ارب روپے کر دی گئی ہے جبکہ مالیاتی اداروں کی تعداد 3 سے بڑھا کر 8 کر دی گئی ہے۔ یہ سہولت لاڑکانہ، بدین، ٹھٹھہ، سجاول اور تھرپارکر کے قرض لینے والوں تک پہنچے گی جبکہ کم از کم 50 فیصد فنانسنگ خواتین کے لیے مختص ہوگی۔ اس موقع پر پاکستان مائیکرو فنانس انویسٹمنٹ کمپنی (PMIC) اور نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (NRSP) کے درمیان ایک ارب روپے کی فنانسنگ سہولت کا معاہدہ بھی طے پایا۔ کانفرنس میں خواتین کی مالی رسائی، مصنوعی ذہانت، موسمیاتی تبدیلی، اسلامی مائیکرو فنانس، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، ریگولیشن اور 2035 تک مائیکرو فنانس کے مستقبل پر بھی غور کیا گیا۔ پاکستان مائیکرو فنانس ایوارڈز 2026 میں اے ایچ بی ایل مائیکرو فنانس بینک کو بہترین مائیکرو فنانس بینک جبکہ نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کو بہترین غیر بینکاری مائیکرو فنانس کمپنی کا ایوارڈ دیا گیا۔ ڈاکٹر محمد امجد ثاقب اور نوید اے خان کو بھی مالی شمولیت کے شعبے میں نمایاں خدمات پر اعزازات سے نوازا گیا۔ تقریب میں ملک کے بڑی تعداد میں بینکوں، مالیاتی نظام سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ عصر نو مستونگ 25

میں اختتام پذیر ہوئی، جس میں حکومت، ریگولیٹرز، مالیاتی اداروں، ترقیاتی شراکت داروں اور ماہرین نے پاکستان میں مالی شمولیت کو معاشی ترقی میں تبدیل کرنے کے لیے حکمت عملی پر غور کیا۔ یونائیٹڈ نیشن انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (UNIDO) کے اشتراک اور یورپی یونین کے فنڈ سے چلنے والے PAIDAR پروگرام کے تحت منعقدہ 2 روزہ کانفرنس کا موضوع "جامع ترقی کی راہیں: ہم آہنگی کے مواقع" تھا۔ کانفرنس سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ عوام کو مالیاتی نظام کا حصہ بنانا ہوگا جبکہ کامیابی کا معیار صرف قرض لینے والوں کی تعداد نہیں بلکہ ان کی معاشی ترقی، کاروبار میں بہتری اور مالی خودمختاری ہونا چاہیے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ مالی شمولیت کو صرف رسائی تک محدود رکھنے کے بجائے معیار اور ضرورت سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ انہوں نے LabsInnovatioPAIDAR کے اجرا کا خیر مقدم کیا، جو سندھ میں دیہی کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں کو مشترکہ طور پر مالیاتی مصنوعات تیار کرنے کا موقع فراہم کریں گے۔ کانفرنس کا اہم نتیجہ PAIDAR ضمانتی فنانسنگ سہولت کے دوسرے مرحلے کی توسیع ہے، جس کے تحت فنانسنگ 20 کروڑ روپے سے بڑھا کر 4.2 ارب روپے کر دی گئی ہے جبکہ مالیاتی اداروں کی تعداد 3 سے بڑھا کر 8 کر دی گئی ہے۔ یہ سہولت لاڑکانہ، بدین، ٹھٹھہ، سجاول اور تھرپارکر کے قرض لینے والوں تک پہنچے گی جبکہ کم از کم 50 فیصد فنانسنگ خواتین کے لیے مختص ہوگی۔ اس موقع پر پاکستان مائیکرو فنانس انویسٹمنٹ کمپنی (PMIC) اور نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (NRSP) کے درمیان ایک ارب روپے کی فنانسنگ سہولت کا معاہدہ بھی طے پایا۔ کانفرنس میں خواتین کی مالی رسائی، مصنوعی ذہانت، موسمیاتی تبدیلی، اسلامی مائیکرو فنانس، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، ریگولیشن اور 2035 تک مائیکرو فنانس کے مستقبل پر بھی غور کیا گیا۔ پاکستان مائیکرو فنانس ایوارڈز 2026 میں اے ایچ بی ایل مائیکرو فنانس بینک کو بہترین مائیکرو فنانس بینک جبکہ نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کو بہترین غیر بینکاری مائیکرو فنانس کمپنی کا ایوارڈ دیا گیا۔ ڈاکٹر محمد امجد ثاقب اور نوید اے خان کو بھی مالی شمولیت کے شعبے میں نمایاں خدمات پر اعزازات سے نوازا گیا۔ تقریب میں ملک کے بڑی تعداد میں بینکوں، مالیاتی نظام سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ عصر نو مستونگ 26

ہے۔ رپورٹ کے مطابق ممکنہ اہداف میں ایران کے میزائل ذخائر اور لانچنگ تنصیبات، ڈرونز کے ذخائر اور متعلقہ مراکز، اہم توانائی کی تنصیبات، پاسداران انقلاب کے بعض کمانڈ مراکز اور دیگر فوجی تنصیبات شامل ہو سکتی ہیں۔ واضح رہے دوسری جانب پینٹاگون کا منصوبہ تیار ہونے کے باوجود صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ 3 نومبر کے امریکی وسط مدتی انتخابات سے پہلے ایران پر نیا حملہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے اس کی وجہ ایران کے ساتھ جاری "مثبت "بات چیت" بھی بتائی ہے۔ دوسری طرف امریکی فوج خطے میں اپنی موجودگی بڑھا رہی ہے اور تین امریکی طیارہ بردار بحری جہازوں کی تعیناتی کی اطلاعات ہیں۔

بقیہ عصر نو مستونگ 27

مارچ میں ان کی تعداد سے مشروط ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ بھی علم ہوا ہے کہ کے پی کیلئے جو کونسل بنے گی اس میں اختیار ولی کو بھی ذمہ داری ملے گی۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ دونوں فریقین سامنے نہیں ہیں پہلے ایک دوسرے سے پوچھ رہے ہیں کیا واقعی آ رہے ہو۔ ایمرجنسی کے لئے کونسل کیلئے سیاسی اکابرین اور بیوروکریٹس کے نام بھی فائنل ہو گئے ہیں۔ دیوار کے پیچھے ملاقاتیں ہو رہی ہیں بیرسٹر گوہر کی پرسوں بھی ملاقات ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی نے جن کی ایما پر جو کچھ کیا وہ اپنا ہی بویا ہوا کاٹے گا، سہیل آفریدی سے متعلق جب پٹیشن دائر کی تھی تو اصول کی بنیاد پر کی تھی 15 اکتوبر تک نہیں آتے تو ان کی باتوں پر یقین نہیں کرنے والا نہیں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سے نکالا گیا، 3 سال سے بتائیں میرا قصور کیا ہے، گالیاں بھی دیتے ہیں۔

بقیہ عصر نو مستونگ 28

میں اعزاز بھی دیا گیا تھا۔ یوسف الزیادنہ جو کہ ایک منی بس ڈرائیور ہیں، انہوں نے حملوں کے وقت اپنی جان خطرے میں ڈال کر فیسٹیول سے 30 اسرائیلیوں کو بحفاظت نکالا تھا۔ نقب میں دیہاتوں سے آباد عرب شہری یوسف کا گھر، گودام اور پولٹری فارم گرا دیا گیا، ان کے خاندان نے املاک کے ملکیت کے پرانے دستاویزات بھی دکھائے مگر وہ گھر نہ بچا سکے۔ اسرائیل کے جنوبی شہر رہاط کے قریب اسرائیلی حکام نے کئی بلڈوزروں کو استعمال کرتے ہوئے کارروائی کی۔ یوسف الزیادنہ نے اپنی اور خاندان کی املاک منہدم کیے جانے کے بعد کہا کہ مجھے اسرائیلیوں کی مدد کرنے پر کوئی پچھتاوا نہیں ہے، ہماری پرورش اسی طرح ہوئی ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 29

دیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی جوہری توانائی تنظیم کے سربراہ محمد اسلامی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران کسی صورت یورینیم افزودہ کرنے کا عمل ترک نہیں کرے گا۔ محمد اسلامی نے کہا کہ یورینیم کی افزودگی جوہری عمل کا ایک لازمی اور ناقابل علیحدہ حصہ ہے۔ ان سے پوچھا گیا کہ کیا تہران یورینیم افزودہ کرنے کا عمل ترک کر سکتا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ کسی بھی صورت میں نہیں۔ محمد اسلامی نے سوال اٹھایا کہ اگر عمل کے ابتدائی مرحلے ہی کو موجود نہ رہنے دیا جائے تو جوہری صنعت قائم رکھنے کا دعویٰ کیسے کیا جا سکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ جوہری صنعت سائنسی اور تکنیکی ترقی کو آگے بڑھانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، ایران تکنیکی ترقی کے اپنے حق سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔ سربراہ ایرانی جوہری ادارے نے ایران کے افزودہ یورینیم کے ذخائر کسی دوسرے ملک کے حوالے کرنے کے امکان کو بھی مسترد کرتے ہوئے کہا کہ نہیں، ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 30

رات کو کاریز امان اللہ کے قریب ایک رابطہ پل دھماکے سے تباہ کیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ شرلی قبرستان کے قریب دوسرے رابطہ پل کو بھی دھماکے سے تباہ کر دیا گیا۔

بقیہ عصر نو مستونگ 31

جزیرے میں سرمایہ کاری کر سکتی ہیں یا وہاں کے عوام کو امداد فراہم کر سکتی ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ بات گزشتہ روز کیوبا کے وزیر خارجہ برونو رودریگز نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کو یہ طے کرنے کا اخلاقی اختیار بھی حاصل نہیں کہ بین الاقوامی قانون اور آزاد تجارت کے اصولوں کے تحت کیا قانونی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ امریکی اقدامات کو قانونی سمجھتے ہیں، وہ کیوبا کے عوام کو اجتماعی سزا دینے کے عمل میں شریک ہیں۔ کیوبا کے وزیر خارجہ نے کہا امریکا کو کیوبا کے ساتھ ایندھن اور دیگر اشیا کی تجارت محدود کرنے کا کوئی حق نہیں۔ انہوں نے دوسرے ممالک کے بحری جہازوں اور وسائل کے خلاف امریکی اقدامات پر بھی تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کو بحری ناکہ بندی کرنے، توانائی کی فراہمی روکنے، کھلے سمندر میں جہازوں کو روکنے یا ان کی تلاشی لینے اور مشکوک سرگرمیوں کے شبہ کی بنیاد پر بین الاقوامی پانیوں میں موجود افراد کے خلاف کارروائی کرنے کا اختیار نہیں۔ انہوں نے دوسرے ممالک کے وسائل یا خودمختار علاقوں پر قبضے کی بھی کوشش کو مسترد کر دیا۔ کیوبا کے وزیر خارجہ نے کہا کہ کیوبا کا موقف سچائی اور دلیل پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کے دلائل ایسے اقدامات کو جائز قرار نہیں دے سکتے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 32

صورتحال پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدامنی، لوٹ مار اور مسافر گاڑیوں پر آئے روز فائرنگ کے واقعات نے کوئٹہ کراچی روٹ پر ٹرانسپورٹ کے کاروبار کو شدید متاثر کر دیا ہے، جبکہ مسافروں میں عدم تحفظ کے باعث اس اہم شاہراہ پر سفر کرنے سے اجتناب کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کراچی شاہراہ بلوچستان کی اہم تجارتی اور سفری گزرگاہ ہے، جہاں روزانہ ہزاروں مسافر اور ٹرانسپورٹ سے وابستہ افراد سفر کرتے ہیں، لیکن امن و امان کی مخدوش صورتحال نے مسافروں، ڈرائیوروں، کنڈیکٹروں اور ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ آئے روز لوٹ مار اور فائرنگ کے واقعات کے باعث مسافر گاڑیوں کی آمد و رفت متاثر ہو رہی ہے اور ٹرانسپورٹرز کو مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ پہلے ہی مہنگائی، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے، گاڑیوں کے پرزہ جات کی مہنگائی اور دیگر اخراجات کے باعث مشکلات کا شکار ہے، ایسے حالات میں شاہراہ پر عدم تحفظ نے کاروبار کو مزید بحران سے دوچار کر دیا ہے۔ اگر مسافروں کو محفوظ سفری سہولت میسر نہ ہو تو ٹرانسپورٹ کا نظام معمول کے مطابق چلانا مشکل ہو جاتا ہے۔ ٹرانسپورٹرز نے حکومت بلوچستان، محکمہ داخلہ اور متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ کراچی شاہراہ پر امن و امان کی بحالی کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں، حساس مقامات پر سکیورٹی بڑھائی جائے، مسافر گاڑیوں کی حفاظت اور جرائم پیشہ عناصر کی روک تھام کے لیے مؤثر گشت اور نگرانی کا نظام قائم کیا جائے تاکہ مسافروں اور ٹرانسپورٹ سے وابستہ افراد کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کراچی شاہراہ پر محفوظ سفر کو یقینی بنانا حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ عوام کو تحفظ فراہم کیے بغیر نہ صرف ٹرانسپورٹ کا کاروبار بحال ہو سکتا ہے بلکہ بلوچستان کی تجارتی اور معاشی سرگرمیوں کو بھی معمول پر لانا مشکل ہوگا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ شاہراہ پر بدامنی کے خاتمے کے لیے فوری اقدامات کر کے مسافروں اور ٹرانسپورٹرز میں پائی جانے والی تشویش دور کی جائے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 33

30.9 فیصد زیادہ ہے۔ ان کمپنیوں میں آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی، پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ، ماری انرجیز اور پاکستان آئل فیلڈز لمیٹڈ شامل ہیں۔ عارف حبیب لمیٹڈ کی جاری کردہ تحقیقی رپورٹ کے مطابق یہ شعبہ حالیہ برسوں کی مضبوط ترین مالی کارکردگی میں سے ایک پیش کرنے میں کامیاب رہا۔ بظاہر اس نمایاں اضافے کی وجوہات میں تیل کی پیداوار میں بہتری، فروخت ہونے والے تیل کی نسبتاً زیادہ قیمتیں اور آمدنی میں اضافہ شامل ہیں۔ اس کے ساتھ بڑی کمپنیوں کی جانب سے حصص یافتگان کو زیادہ نقد منافع بھی ادا کیا گیا تاہم بعد از ٹیکس منافع میں 31 فیصد اضافے کو کمپنیوں کی بنیادی کاروباری کارکردگی میں اسی تناسب سے بہتری قرار دینا درست نہیں ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026 کے دوران اس شعبے کا مجموعی قبل از ٹیکس منافع 4 فیصد کمی کے بعد 521 ارب روپے رہ گیا۔ اس کے باوجود بعد از ٹیکس منافع میں نمایاں اضافہ بنیادی طور پر ٹیکس اخراجات میں غیر معمولی کمی کے باعث ممکن ہوا۔ اس میں سپر ٹیکس سے متعلق سابقہ ٹیکس واجبات کی دفعات میں نظرثانی اور انہیں واپس لینے کا اہم کردار رہا جس کا تعلق وفاقی آئینی عدالت کے فیصلے کے بعد سامنے آنے والی صورت حال سے تھا۔ مالی سال 2026 میں کمپنیوں کی آمدنی میں معقول اضافہ ہوا، تیل کی پیداوار میں کچھ بہتری آئی اور خام تیل کی قیمتوں میں اضافے سے بھی فائدہ پہنچا، تاہم دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی میں کمی اور تلاش و پیداوار کے اخراجات میں مختلف رجحانات بھی دیکھنے میں آئے۔ یوں تقریباً 460 ارب روپے کا مجموعی منافع اور حصص یافتگان کو نسبتاً بہتر ڈیویڈنڈ کی ادائیگی اس شعبے کی مالی کارکردگی کے نمایاں پہلو رہے لیکن منافع میں اضافے کی اصل وجوہات میں ٹیکس اخراجات میں کمی کا حصہ غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ اس لیے مالی سال 2026 کے نتائج کو صرف تیل و گیس کی پیداوار یا بنیادی کاروباری منافع میں اضافے کا نتیجہ سمجھنے کے بجائے ٹیکس میں ہونے والی تبدیلیوں سمیت تمام اہم عوامل کے تناظر میں دیکھنا ضروری ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 34

حکام کے مطابق ملک نے جنگی صورتحال میں اپنی دفاعی ضروریات پوری کرنے کے لیے ہتھیاروں کی پیداوار کی صلاحیت برقرار رکھی ہوئی ہے اور طویل عرصے تک جاری رہنے والی لڑائی کی صورت میں بھی اسلحے کی فراہمی جاری رکھی جا سکتی ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 35

میں اعزاز بھی دیا گیا تھا۔ یوسف الزیادنہ جو کہ ایک منی بس ڈرائیور ہیں، انہوں نے حملوں کے وقت اپنی جان خطرے میں ڈال کر فیسٹیول سے 30 اسرائیلیوں کو بحفاظت نکالا تھا۔ نقب میں دیہاتوں سے آباد عرب شہری یوسف کا گھر، گودام اور پولٹری فارم گرا دیا گیا، ان کے خاندان نے املاک کے ملکیت کے پرانے دستاویزات بھی دکھائے مگر وہ گھر نہ بچا سکے۔ اسرائیل کے جنوبی شہر رہاط کے قریب اسرائیلی حکام نے کئی بلڈوزروں کو استعمال کرتے ہوئے کارروائی کی۔ یوسف الزیادنہ نے اپنی اور خاندان کی املاک منہدم کیے جانے کے بعد کہا کہ مجھے اسرائیلیوں کی مدد کرنے پر کوئی پچھتاوا نہیں ہے، ہماری پرورش اسی طرح ہوئی ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 36

نئی رجسٹریشنز میں 3,013 پرائیویٹ لمیٹڈ 2,058 سنگل ممبر کمپنیاں، 127 ایل ایل پی، 29 ناٹ فار پرافٹ، 10 پبلک کمپنیاں، 2 تجارتی تنظیمیں اور 2 غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔ نئی رجسٹریشنز میں پنجاب 2,740 نئی کمپنیوں کے ساتھ سرفہرست رہا، اسلام آباد میں 1,009 کمپنیاں، سندھ میں 790، خیبر پختونخوا میں 426، گلگت بلتستان میں 169 اور بلوچستان میں 105 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ مختلف شعبوں میں آئی ٹی میں 920 کمپنیوں کے ساتھ پہلے نمبر پر رہی جبکہ ٹریڈنگ میں 808، سروسز میں 599، کنسٹرکشن میں 339، فوڈ میں 239، ٹورزم میں 222 اور ریئل اسٹیٹ میں 193 کمپنیاں قائم ہوئیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق ایجوکیشن میں 189، ای کامرس میں 179، مائننگ میں 127 اور دیگر تمام شعبوں میں مجموعی طور پر 1,426 نئی کمپنیاں رجسٹر کی گئیں۔ ستمبر میں 167 غیر ملکی سرمایہ کاروں نے شرکت کی، جن میں چین 113 سرمایہ کاروں کے ساتھ سرفہرست رہا۔ شیئر ہولڈرز و ڈائریکٹرز میں خواتین کا تناسب 14 فیصد، الٹیمیٹ بینیفیشل اونرز میں 11 فیصد اور چیف ایگزیکٹوز کے عہدوں پر 8 فیصد رہا۔

بقیہ عصر نو مستونگ 37

ہو کر واپس پہنچ گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق تمام مزدوروں کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مسلح افراد نے 15 روز قبل تاتا صاحب زیارت کے علاقے پلاڑہ میں کنسٹرکشن کمپنی کے کیمپ پر حملہ کر کے 12 مزدوروں کو اغوا کر لیا تھا۔ اغوا کے بعد ایک مزدور شاہد کی لاش چند روز قبل کوہلو کے علاقے ترہن ندی سے برآمد ہوئی تھی، جبکہ باقی 11 مزدوروں کو اغوا کاروں نے کوہلو کے علاقے میں آج چھوڑ دیا۔ بازیاب ہونے والے مزدوروں میں 10 کا تعلق پنجاب کے ضلع رحیم یار خان (صادق آباد، چک چڈھڑ) سے ہے، جبکہ ایک مقامی مزدور بھی شامل ہے۔ مغوی و بازیاب مزدوروں میں سکندر خان ڈاہر ولد سلطان خان ڈاہر، نعمان ڈاہر ولد اعظم خان ڈاہر، محسن علی ڈاہر ولد اعظم خان ڈاہر، نعیم خان ڈاہر ولد ولی محمد ڈاہر، جی خان ڈاہر ولد ولی محمد ڈاہر، آفتاب ڈاہر ولد شبیر احمد ڈاہر، باسط علی ڈاہر ولد حاکم خان ڈاہر اور ارشاد احمد ڈاہر ولد صاحب خان ڈاہر شامل ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے تمام بازیاب مزدوروں کو لورالائی روانہ کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب مغوی مزدوروں کی رہائی سے متعلق ایک ویڈیو پیغام بھی سامنے آ گیا ہے، جس میں ان کی باحفاظت بازیابی کی تصدیق کی گئی ہے۔ پولیس اور سکیورٹی ادارے معاملے کی مزید تحقیقات کر رہے ہیں۔

بقیہ عصر نو مستونگ 38

ایک سنجیدہ، دوراندیش اور اعتدال پسند سیاسی رہنما سے محروم ہو گیا ہے۔ ان کی وفات کا سن کر انتہائی دکھ ہوا۔ مرحوم ایک کھلے دل کے قوم پرست سیاست دان تھے، تنگ نظری ان کے قریب سے بھی نہیں گزری تھی۔ ایک دفعہ ایسا ہوا کہ میر غوث بخش بزنجو مرحوم کی وفات کے بعد ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی نے ایک نئی نظریاتی قوم پرست جماعت تشکیل دی، جس کا نام غالباً نیشنل کانگریس بلوچستان تھا۔ ڈاکٹر مرحوم نے مجھے کہا کہ میں اپنی پارٹی کا ایک اجلاس بلاتا ہوں اور آپ نے میرے کارکنوں سے خطاب کرنا ہے۔ انہوں نے مجھے مہمان خصوصی کے طور پر مدعو کیا اور خطاب کا موضوع نیشنلزم، اسلام اور انسانیت مقرر کیا۔ اس موضوع پر میں نے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ خطاب کیا، جبکہ ڈاکٹر صاحب مرحوم نے خود کوئی خطاب نہیں کیا۔ اس واقعے سے بھی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ ایک کھلے دل کے، دوراندیش اور وسیع النظر قوم پرست سیاست دان تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ وہ ایک اچھے انسان تھے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ عصر نو مستونگ 39

جانب سے شہداء کو سلامی دی گئی اور پھول چڑھائے گئے۔ شہداء کے جسد خاکی مکمل سرکاری اعزاز اور احترام کے ساتھ تدفین کے لیے آبائی علاقوں کو روانہ کر دیے گئے۔ واضح رہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اور صوبائی حکومت کا کوئی نمائندہ شہداء کے جنازوں میں شریک نہیں ہوا۔ پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کو دہشت گردوں کے رحم و کرم پر چھوڑ کر سیاسی سرگرمیوں میں مصروف ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 40

ورگ اور پاکستان ہاؤسنگ اتھارٹی کے پورٹل کے ذریعے 27 ہزار 800 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں، جن کی مجموعی مالیت تقریباً 179 ارب روپے ہے۔ بینک کے اپنے نیٹ ورک کے ذریعے 13 ہزار 474 درخواستیں موصول ہوئیں، جن کی مالیت 100 ارب 70 کروڑ روپے تھی، جبکہ پاکستان ہاؤسنگ اتھارٹی کے نیٹ ورک کے ذریعے 14 ہزار 397 درخواستیں موصول ہوئیں، جن کی مجموعی مالیت 78 ارب 65 کروڑ روپے رہی۔ یہ پروگرام پاکستانی خاندانوں کو قابل استطاعت گھروں کے حصول کے لیے شریعت سے ہم آہنگ ہاؤسنگ فنانسنگ فراہم کرنے کے حکومتی منصوبے کا حصہ ہے، جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ افراد کے لیے اپنے گھر کی ملکیت ممکن بنانا ہے۔ میزان بینک کے گروپ ہیڈ کنزیومر فنانس احمد علی صدیقی نے کہا کہ اسلامی مالیاتی سہولتیں معاشرے کے وسیع طبقے کے لیے گھر کی ملکیت کا خواب پورا کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بینک حکومت کے تعاون سے ہزاروں خاندانوں کو اپنے گھر کے حصول میں مدد فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ میزان بینک کے مطابق وہ اپنے وسیع نیٹ ورک اور اسلامی مالیات کے تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے قابل استطاعت ہاؤسنگ فنانس کے فروغ اور ملک کے ہاؤسنگ شعبے کی ترقی میں اپنا کردار جاری رکھے گا۔

بقیہ عصر نو مستونگ 41

مولانا ثنا اللہ فاروقی، صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امرا مولانا عبدالوہاب ڈیہر اور مولانا عبدالرؤف، سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے ڈرون اور میزائل حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے سعودی عرب کی حکومت اور عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ جمعیت نظریاتی کی مرکزی و صوبائی قیادت نے مشترکہ بیان میں دوٹوک الفاظ میں کہا کہ جے یو آئی نظریاتی کے کارکنان حرمین شریفین اور سعودی عرب کے مقدس تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار کھڑے ہیں۔ سعودی عرب پر ہونے والا ہر حملہ درحقیقت پورے عالم اسلام اور دنیا بھر کے کروڑوں مسلمانوں کے دینی جذبات پر حملہ تصور کیا جاتا ہے۔ سعودی عرب اور حرمین شریفین کا تحفظ امت مسلمہ کی ہمیشہ سے اولین اور مقدم ترجیح رہا ہے، اور اس سرزمین پر کسی بھی قسم کی بیرونی جارحیت یا اندرونی خطرے کو پوری امت مسلمہ کی سلامتی پر حملہ سمجھا جائے گا۔ رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ حرمین شریفین کی حرمت کی پامالی امت مسلمہ کے لیے محض کوئی سیاسی یا جغرافیائی واقعہ نہیں ہے، بلکہ یہ تمام مسلمانوں کے دل و روح پر ایک گہرا زخم ہوتا ہے۔ جب بھی حرمین شریفین کا تقدس خطرے میں پڑتا ہے تو دنیا بھر کی امت مسلمہ ایک بنیان مرصوص (سیسہ پلائی دیوار) کی طرح شانہ بشانہ یکجا ہو جاتی ہے۔ حرمین شریفین کی حرمت اور امن کا تحفظ اسلام کا بنیادی تقاضا اور ہر مسلمان کا اجتماعی فریضہ ہے۔ شعائر اسلام کا دفاع اور ان کی حرمت کی پاسداری صرف ایک خطے کا مسئلہ نہیں، بلکہ یہ پورے عالم اسلام کا مشترکہ اور اہم ترین فریضہ ہے۔ قیادت نے مزید کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی اور استحکام کے ساتھ دنیا بھر کے کروڑوں مسلمانوں کے ایمانی جذبات وابستہ ہیں۔ حرمین شریفین کی مقدس سرزمین پر کسی بھی قسم کا حملہ، اشتعال انگیزی یا خطرہ کسی صورت قابل برداشت نہیں ہے۔ اس موقع پر مطالبہ کیا گیا کہ عالم اسلام کے حکمرانوں کو اب محض روایتی بیانات سے آگے بڑھ کر سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور پائیدار امن کے دفاع کے لیے ایک مشترکہ عسکری فورس تشکیل دینی چاہیے تاکہ درپیش خطرات کا بروقت اور مؤثر تدارک کیا جا سکے۔ بیان کے آخر میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ عالمی سطح پر مسلم دنیا کے حکمرانوں کو سیاسی، سفارتی اور عسکری محاذوں پر مربوط انداز میں دفاعی خود انحصاری کو فروغ دینا ہوگا تاکہ اسلام دشمن اور تخریب کار عناصر کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا جا سکے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 42

سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی مسلسل کوششوں اور سہولت کاری کے نتیجے میں پاکستان کے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جبکہ پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں زیر التوا کاروباری درخواستوں کی منظوری کا عمل بھی تیز ہو گیا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی مؤثر سہولت کاری اور مسلسل فالو اپ کے باعث ستمبر کے دوران پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں مجموعی طور پر 34 کاروباری درخواستوں کی منظوری دی گئی جس سے 76 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے ان منصوبوں سے ٹیکسٹائل، کیمیکلز، زرعی پروسیسنگ اور دیگر صنعتی شعبوں میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، جبکہ ان شعبوں میں 7 ہزار سے زائد ممکنہ روزگار کے مواقع بھی پیدا ہونے کی توقع ہے۔ ایس آئی ایف سی پاکستان کے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری بڑھانے اور صنعتی منصوبوں کو عملی شکل دینے کیلئے مسلسل سہولت کاری فراہم کر رہی ہے اسی سلسلے میں زیر التوا درخواستوں پر پیش رفت اور کاروباری منصوبوں کی منظوری کو اہمیت دی جا رہی ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز میں نئی سرمایہ کاری اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ سے ملک میں معاشی سرگرمیوں کو مزید تقویت ملنے کی توقع ہے، جبکہ مختلف صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کے ساتھ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔

بقیہ عصر نو مستونگ 43

تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر حکمت عملی کا ثبوت ہے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیاں قابل تحسین ہیں، دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔ قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر افواج اور سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 44

شعبے کے درمیان تعاون کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ کاروباری برادری کو درپیش مشکلات کا حل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ صنعتی شعبے کی بہتری کے لیے نجی شعبے کی تجاویز اور سفارشات اہمیت رکھتی ہیں۔ ہارون اختر خان نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیمبر کے صدر علی حسام اصغر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں صنعتی و تجارتی شعبے کو درپیش مسائل، ملکی صنعتی ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کے لیے ممکنہ اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ ملک میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے اور صنعتی شعبے کو ترقی دینے کے لیے حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر رابطہ کاری ضروری ہے۔ کاروباری برادری کے مسائل کو سمجھنے اور ان کے قابل عمل حل تلاش کرنا معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ہارون اختر خان نے اس بات پر زور دیا کہ صنعتی ترقی اور کاروباری ماحول میں بہتری کے لیے کاروباری برادری کی تجاویز کو اہمیت دی جانی چاہیے تاکہ پالیسی سازی اور عملی اقدامات کو صنعت و تجارت کی حقیقی ضروریات سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔ ملاقات کے دوران لاہور چیمبر کے صدر علی حسام اصغر اور دیگر شرکاء نے صنعتی و تجارتی شعبے کی صورتحال سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی، نائب صدر چوہدری خادم حسین اور چیمبر کے دیگر عہدیداران و اراکین بھی موجود تھے۔ ملاقات میں اس امر پر زور دیا گیا کہ حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان مسلسل مشاورت، مسائل کے بروقت حل اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کی راہ ہموار کی جا سکتی ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 45

اجلاس منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وفاقی وزرا عبدالعلیم خان اور سردار اویس احمد خان لغاری نے کی۔ اجلاس میں منصوبے پر عمل درآمد کی موجودہ صورتحال، بروقت تکمیل کے لیے ضروری اقدامات اور متعلقہ امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران راجن پور، ڈیرہ غازی خان اور ڈیرہ اسماعیل خان کے درمیان رابطوں کو بہتر بنانے کے لیے شروع کیے گئے کیرک ٹرنچ تھری منصوبے کے چاروں حصوں پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، شرکا نے منصوبے پر عمل درآمد کی رفتار کا جائزہ لیا اور اس کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کے لیے درکار اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ دوسری جانب اجلاس میں زمین کے حصول، منصوبے سے متاثرہ افراد کی بحالی اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے مقررہ تقاضوں کے مطابق منصوبے پر عمل درآمد سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا، اس موقع پر منصوبے کی تکمیل میں حائل معاملات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے اور متعلقہ اداروں کے درمیان رابطوں کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ کیرک ٹرنچ تھری منصوبے پر پیش رفت تیز کرنے کے لیے مربوط اقدامات ناگزیر ہیں، انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ منصوبے سے متعلق امور کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے تاکہ اس کی بروقت تکمیل کے لیے پیش رفت یقینی بنائی جا سکے۔ اجلاس میں قومی اسمبلی کے اراکین سردار عمار احمد خان لغاری، سردار ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن خان دریشک اور سردار شمشیر علی مزاری، کمشنر ڈیرہ غازی خان اشفاق احمد چوہدری سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں اجلاس میں منصوبے کے مختلف حصوں پر عمل درآمد، زمین کے حصول، متاثرین کی بحالی اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے پیش رفت تیز کرنے کے لیے مربوط حکمت عملی کی اہمیت اجاگر کی گئی۔

بقیہ عصر نو مستونگ 46

شامل ہو گیا ہے جہاں غربت کی شرح سب سے زیادہ ہے، جبکہ بلوچستان ملک کا سب سے زیادہ غریب صوبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو غربت، بے روزگاری اور معاشی مشکلات جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں غربت کے خاتمے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ صوبے کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور نوجوانوں کو تعلیم و روزگار کے مواقع دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسمبلی اجلاس سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جانا چاہیے تاکہ صوبے میں پسماندگی کا خاتمہ اور معاشی ترقی ممکن ہو سکے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 47

کیلئے آیا ہوا تھا ہلاک ہو گئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ریاستی سیکرٹریٹ برائے عوامی تحفظ نے بتایا کہ یہ واقعہ گزشتہ روز پیش آیا جس میں مزید 16 قیدی زخمی ہوئے، جنہیں طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ سیکرٹریٹ نے بتایا کہ مختلف اداروں کے اہلکاروں نے مداخلت کر کے صورت حال پر قابو پا لیا ہے اور اب جیل انتظامیہ کے کنٹرول میں ہے۔ ریاستی پراسیکیوٹر کے دفتر کو واقعے سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ دفتر واقعے کی وجوہات کی تحقیقات کرے گا اور ذمہ داروں کا تعین کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق سماجی کارکن متاثرین کے اہل خانہ کو صورت حال سے آگاہ کر رہے ہیں۔ احتیاطی تدبیر کے طور پر جیل میں قیدیوں سے ملاقاتیں معطل کر دی گئی ہیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ باقی قیدی محفوظ ہیں۔

بقیہ عصر نومستونگ 1

نوعیت کے منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی سست روی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ وقت کم اور چیلنجز زیادہ ہیں لہٰذا تمام انجینئرز اس بات کو یقینی بنائیں کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل محکمہ کی اولین ترجیح رہے انہوں نے مزید ہدایت دی کہ منصوبوں کو درپیش تمام تکنیکی مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے سیکریٹری مواصلات وتعمیرات نے ایگزیکٹو انجینئرز بلڈنگز کو ناہم لائحہ دیتے ہوئے کہا کہ مقررہ مدت تک ان منصوبوں کی تکمیل کو ہر صورت میں یقینی بنائی جائے بصورت دیگر متعلقہ حکام کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے مذید کہا کہ ان منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے چیف انجینئرز اور ایس ایز کو ہدایت کی کہ وہ خود منصوبوں کا باقاعدگی سے دورہ کریں اور ہر دو ہفتے بعد پیش رفت رپورٹ ارسال کریں ان رپورٹس میں تکنیکی مسائل کی نشاندہی بھی شامل کی جائے تاکہ منصوبوں کی رفتار متاثر نہ ہو اور کام بلاتعطل جاری رہے۔

بقیہ عصر نومستونگ 2

علی حیدر ولد نظام الدین قوم اور جانب عرف جانی ولد محمد رمضا شامل ہیں جبکہ دھوکہ دہی کے مقدمے میں مطلوب ملزم نجے کمار ساکن ہندو محلہ ڈیرہ مراد جمالی کو گرفتار کرکے مزید کارروائی شروع کردی۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ ان کے خلاف قانون کے مطابق مزید کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ ڈسٹرکٹ پولیس نصیرآباد عوام کے جان و مال کے تحفظ، امن وامان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ عصر نومستونگ 3

ہے کہ حکومت اور پولیس امن وامان برقرار رکھنے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز پنجگور سے تعلق رکھنے والے تاجر رہنما حاجی سمیع اللہ کو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے دن دیہاڑے اغواء کرلیا اور فرار ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے باعث تاجروں اور عوام میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کی خراب صورتحال کے باعث قومی شاہراہوں پر سفر کرنا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان تاجر رہنما سمیع اللہ کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے حکومت اور پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کرتی ہے کہ سمیع اللہ کے قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائی۔ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان نے سمیع اللہ کے قتل کے خلاف مرکزی انجمن تاجران پنجگور کی جانب سے دی جانے والی شٹرڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں مرحوم سمیع اللہ کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ عصر نومستونگ 4

ماہ میں کاروباری معاملات کو آٹومیٹڈ نظام پر منتقل کیا جائے گا تاکہ مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کو تیز اور آسان بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران اور ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر مرزا خان خلجی، نائب صدر جنگیان ڈشتی اور دیگر عہدیداران نے مہمانوں کا خیرمقدم کیا اور انہیں بلوچستان کی کاروباری برادری کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں کاروبار، بالخصوص درآمدات وبرآمدات، مشکل صورت حال سے دوچار ہیں۔ مال بردار گاڑیوں کو جلائے جانے کے واقعات کے ساتھ ساتھ غیر ضروری چیک پوسٹوں اور بار بار چیکنگ کے باعث تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ چیمبر کے عہدیداران نے بتایا کہ مستونگ روڈ اور زیارت کراس کے مقامات پر محکمہ کسٹمز کی جانب سے ضبط کیا گیا اربوں روپے مالیت کا سامان اور گاڑیاں آتشزدگی کا شکار ہوئیں، تاہم متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی یا نقصان کے ازالے کے لیے تاحال کوئی موثر اقدام نہیں کیا جا سکا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی تین ہزار سے ساڑھے تین ہزار مال بردار گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں، جن کی کلیئرنس کا عمل تیز کرنے کے ساتھ ضبط شدہ سامان کی جلد نیلامی کے احکامات پر عمل درآمد ضروری ہے۔ اس موقع پر چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ (آپریشنز) محمد جمیل ناصر خان نے کہا کہ کسی بھی صورت قانونی تجارت پر قدغن نہیں لگنے دی جائے گی، کیونکہ قانونی تجارتی سرگرمیوں سے ملک اور صوبے کو ریونیو حاصل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمگلنگ میں ملوث عناصر قانونی تجارت سے وابستہ افراد کے لیے مشکلات پیدا کر رہے ہیں۔ جہاں اسمگلنگ کی سرگرمیاں ہوں گی، وہاں چیکنگ ضرور کی جائے گی، تاہم اسمگلنگ کی آڑ میں کسی کو بلاوجہ تنگ کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ ضبط شدہ سامان کی نیلامی کے احکامات پہلے ہی جاری کیے جا چکے ہیں اور اب اس عمل کو مزید تیز کیا جا رہا ہے۔ شہر کے اندر دو ویئر ہاسز قائم کرنے کا انتظام کیا جا رہا ہے، جنہیں ڈیڑھ ماہ کے اندر فعال کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ محمد جمیل ناصر خان نے مزید بتایا کہ سنٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کیسز کی خصوصی جانچ پڑتال روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک کی جائے گی۔ آئندہ آٹھ ماہ کے دوران کاروباری امور کو خودکار نظام پر منتقل کرنے کا منصوبہ ہے، جس سے مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کا عمل تیز اور آسان ہوگا۔ انہوں نے ویئر ہاسز میں سامان جلنے کے واقعات سے متعلق جاری انکوائریوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقات مکمل ہونے کے بعد معاوضوں کی ادائیگی اور دیگر معاملات کے لیے فریم ورک پالیسی پر کام متوقع ہے۔ انہوں نے کسٹمز ڈیوٹی اور دیگر متعلقہ امور پر چیمبر کی تجاویز کا خیرمقدم کرتے ہوئے انہیں ترجیح دینے کی یقین دہانی بھی کرائی۔ اجلاس کے اختتام پر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کی جانب سے مہمان کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔

بقیہ عصر نومستونگ 5

اداروں کے دورے کیے گئے ہیں، جبکہ ایسے طلبہ کو بھی آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جنہیں اپنے علاقوں میں اعلیٰ تعلیم کی مناسب سہولیات میسر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی رہنمائی کے لیے کیریئر کونسلنگ کے سیشنز بھی منعقد کیے گئے ہیں، جن میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ نے اہم کردار ادا کیا۔ مستقبل میں بھی نوجوانوں کی تعلیمی رہنمائی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ نوجوانوں کے لیے فنی تربیت اور روزگار کے مواقع ضروری ہیں سائرہ عطا بلوچ نے کہا کہ حکومت کے محدود وسائل کے باعث ہر نوجوان کو سرکاری ملازمت فراہم کرنا ممکن نہیں، لہذا اسکل ڈویلپمنٹ یعنی ہنرمندی کے فروغ پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ دنیا میں ترقی کرنے والے ممالک نے اپنی نوجوان نسل کو جدید ہنر سے آراستہ کرکے معاشی ترقی کی راہیں ہموار کی ہیں۔ لسبیلہ میں بھی مقامی ضروریات اور مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق نوجوانوں کو تربیت فراہم کرکے انہیں باعزت روزگار کے مواقع دیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیٹا پروسیسنگ، مقامی کڑھائی، بڑھئی کا کام، موبائل فون کی مرمت، پلمبنگ، الیکٹریشن اور آن لائن تجارت جیسے شعبوں میں تربیت نوجوانوں کے لیے آمدنی کے نئے ذرائع پیدا کرسکتی ہے۔ مقامی ہنرمندی اور مصنوعات کو جدید مارکیٹنگ کے ذریعے ملکی اور بین الاقوامی منڈیوں تک پہنچانے کی ضرورت ہے، تاکہ نوجوان ملازمت کے متلاشی ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے کاروبار شروع کرکے دوسروں کے لیے بھی روزگار پیدا کرسکیں کمشنر لسبیلہ نے کہا کہ ڈویژن کی انتظامی بہتری کے لیے اراضی اور ریونیو سے متعلق معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھنا ہوگا۔ مختلف علاقوں میں سیٹل اور ان سیٹل زمینوں، تجاوزات اور ملکیتی معاملات سے متعلق مسائل موجود ہیں، جن کے حل کے لیے زمینوں کی صورت حال، ریکارڈ اور متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری علاقوں میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے دباؤ اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے بھی مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ اس کے علاوہ ترقیاتی پروگراموں کے تحت جاری منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینا ضروری ہے، تاکہ معلوم ہو سکے کہ کون سے منصوبے مکمل ہو چکے ہیں، کن پر کام جاری ہے اور عوامی ضروریات کے پیش نظر مستقبل میں مزید کن منصوبوں کی ضرورت ہے۔ کمشنر سائرہ عطا بلوچ نے کہا کہ لسبیلہ ڈویژن میں مجموعی طور پر امن و امان کی صورت حال بہتر ہے، تاہم اس تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے مسلسل نگرانی اور مزید مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ باقاعدگی سے اجلاس منعقد کیے جاتے ہیں، جن میں حساس مقامات، چیک پوسٹس، سیکیورٹی انتظامات اور اضافی نفری کی ضروریات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک روٹس سمیت اہم مقامات کی سیکیورٹی صورت حال پر بھی نظر رکھی جاتی ہے، تاکہ ضرورت کے مطابق اقدامات کرکے عوام اور اہم تنصیبات کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ کمشنر لسبیلہ نے ڈپٹی کمشنر حمیرہ بلوچ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ گزشتہ تقریباً دو سال سے ضلع لسبیلہ کی انتظامی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی امور میں کامیابی کا انحصار عہدے یا جنس پر نہیں بلکہ افسر کی صلاحیت، اعتماد، محنت اور مسائل کو مؤثر انداز میں حل کرنے کی لگن پر ہوتا ہے۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل میں کمشنر آفس کے قیام کے حوالے سے بھی ڈپٹی کمشنر کی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا اور کہا کہ فشریز ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے عمارت کی الاٹمنٹ کے بعد دفتر کو فعال بنانے کے لیے ضروری تقاضے پورے کرنے میں حمیرہ بلوچ نے ذاتی دلچسپی اور بھرپور محنت کا مظاہرہ کیا۔ کمشنر لسبیلہ نے مزید کہا کہ ڈویژن کی مجموعی ترقی کے لیے انتظامیہ، تعلیمی اداروں، صحت کے شعبے، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی، تعلیم وصحت کی بہتری اور نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے لیے مربوط کوششیں جاری رکھی جائیں گی، تاکہ لسبیلہ ڈویژن کو ترقی کی راہ پر گامزن کرکے عوام کے لیے بہتر سہولیات اور نوجوان نسل کے لیے روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکے۔

بقیہ عصر نومستونگ 6

ترقیات نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (بی ایس ڈی آئی) کے تحت تمام منصوبوں اور اسکیموں کی خریداری کے لئے ای بڈنگ لازمی قرار دیدی ہے جس کا آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن خیر مقدم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی (BSDI) کے زیراہتمام مختلف کاموں کیلئے ٹینڈرنگ کا عمل جاری تھا جس پر ٹھیکیدار برداری کو تحفظات تھے اور بی ایس ڈی آئی کے ٹھیکے ہوٹلوں میں بیٹھ کر من پسند ٹھیکیداروں کو فروخت کئے جارہے تھے جس کے خلاف آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن نے بھرپور آواز بلند کی اور متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا جس پر حکومت بلوچستان نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت تمام منصوبوں اور اسکیموں کیلئے ای بڈنگ لازمی قرار دیدی ہے جس سے ٹینڈر کا عمل شفاف بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتی ہے جنہوں نے ایسوسی ایشن کی درخواست پر نوٹس لیتے ہوئے بی ایس ڈی آئی پروگرام کو کرپشن سے پاک کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے قبائلی علاقوں میں کام کرنے والے ٹھیکیداروں کو انکم ٹیکس سے استثنیٰ حاصل تھا لیکن حکومت نے ایسے تمام کاموں جو پہلے ٹیکس سے مستثنیٰ تھے جون 2026ء کے بعد فنانس ایکٹ میں ترمیم کرکے ٹیکس چھوٹ ختم کردی جس سے ٹھیکیداروں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے کا اطلاق ان جاری کاموں پر بھی کیا جا رہا ہے جو جون 2026 سے پہلے کے ہیں جو کہ ٹھیکیدار برادری کے ساتھ سراسر ظلم ہے۔ ایسوسی ایشن اس ظالمانہ اقدام کو بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی علاقوں میں جو ٹھیکیدار اور فرمز، کمپنیاں کام کررہی ہیں جو اس فیصلے سے متاثر ہورہی ہیں وہ فوری طور پر آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن سے رابطہ کرکے اپنے ورک آرڈر، پی ای سی، این ٹی این، قومی شناختی کارڈ، لیٹرہیڈ بمعہ دستخط واسٹم جمع کروائیں تاکہ حکومت کے اس فیصلے کو بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کیا جاسکے۔

بقیہ عصر نومستونگ 7

کرکے نہ صرف ان کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے بلکہ خواتین کو معاشی اور سماجی طور پر بااختیار بنانے کی راہ بھی ہموار کی جا سکتی ہے۔ بلوچستان کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ بچیوں کو تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے صوبے کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرسکیں۔ کرن بلوچ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے بچیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے اقدامات قابل تحسین ہیں۔

بقیہ عصر نومستونگ 8

کے تحت دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال، سامان کی فراہمی اور اسکولوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیمی سہولیات بہتر بنانے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ معاشرے کی تعمیر وترقی اور نئی نسل کی تعلیم وتربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے ضروری ہے کہ اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری محنت، دیانت داری اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں اور طلبہ کی تعلیمی استعداد بہتر بنانے کے لیے مؤثر تدریسی حکمت عملی اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں دستیاب وسائل اور کلسٹر بجٹ کا بنیادی مقصد اسکولوں کی ضروریات پوری کرنا، تدریسی ماحول کو بہتر بنانا اور طلبہ کو ضروری تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ بجٹ اور فراہم کردہ سامان کو مقررہ مقاصد کے مطابق استعمال کیا جائے، جبکہ اس کی تقسیم اور دستیابی کے عمل میں شفافیت، جواب دہی اور باقاعدہ نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ کلسٹر کے تحت آنے والے 17 فیڈنگ اسکولز کو مطلوبہ سامان کی فراہمی مکمل کر دی گئی ہے۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل کوہلو کو ہدایت کی کہ وہ تمام متعلقہ فیڈنگ اسکولز میں فراہم کردہ سامان کی باقاعدہ ویری فکیشن کریں اور اس کی دستیابی، مقدار اور ریکارڈ کا جائزہ لیتے ہوئے تصدیق کریں کہ سامان متعلقہ اسکولوں تک پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ویری فکیشن کے عمل کو سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ مکمل کیا جائے تاکہ کلسٹر سامان کی درست تقسیم اور دستیابی یقینی بنانے کے ساتھ کسی بھی ممکنہ کمی یا بے ضابطگی کی بروقت نشاندہی کی جا سکے۔ اس عمل کا مقصد تعلیمی وسائل کے استعمال میں شفافیت برقرار رکھنا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ فراہم کردہ سہولیات سے متعلقہ اسکول اور طلبہ بھرپور استفادہ کرسکیں۔ ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کے تسلسل، طلبہ کی حاضری، تدریسی معیار اور دستیاب سہولیات کے مؤثر استعمال پر خصوصی توجہ دیں۔ انہوں نے متعلقہ تعلیمی افسران کو بھی تاکید کی کہ وہ اسکولوں کی ضروریات اور اساتذہ کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر رابطہ کاری برقرار رکھیں اور تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ کلسٹر بجٹ کی مؤثر نگرانی، سامان کی تصدیق اور اساتذہ کے مسائل کا بروقت حل تعلیمی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اہم ہے۔ متعلقہ حکام کے باہمی تعاون اور مؤثر اقدامات کے ذریعے ضلع کوہلو کے اسکولوں میں تعلیمی سہولیات کو بہتر بنانے، دستیاب وسائل کے شفاف استعمال اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار بھی کیا گیا۔

بقیہ عصر نومستونگ 9

ریونیو آفیسرز کی موجودگی میں صارفین کی شکایات کے ازالے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ لہٰذا کوئٹہ شہر کے تمام سب ڈویژنز کے صارفین جن میں لیاقت بازار، مری آباد، کینٹ، کچہری، عالم خان، بروری، کرانی، سریاب، شیخ ماندہ، سپزنڈ، سیٹلائٹ ٹاؤن، مہردر، گوالمنڈی، پشتون آباد اور کچلاک شامل ہیں اُنکے صارفین بجلی سے متعلق مسائل کے حل کیلئے ای کچہری میں شرکت کریں نیز تمام صارفین اپنے بجلی بل کا حوالہ نمبر بھی بطور ریفرنس نوٹ کروالیں تاکہ اُن کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ عصر نومستونگ 10

کرکٹ ٹورنامنٹ کی ٹرافی اپنے نام کرلی۔ فائنل میچ کے مہمان خاص ڈاکٹر عبدالصمد سنجرانی تھے۔ ڈاکٹر عبدالصمد سنجرانی نے فاتح ٹیم کو ٹرافی پیش کرتے ہوئے اور کامیاب کھلاڑیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا نوجوانوں کی کردارسازی اوران میں مثبت سوچ بیدار کرنے کے لئے کھیل بے حد ضروری ہیں۔ اس طرح کے ایونٹس نوجوان نسل میں نظم وضبط، صحت مند مسابقت اورٹیم ورک کا جذبہ پیدا کرتے ہیں، جو ایک پرامن اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے۔ اس پروقار تقریب میں رائیز پروگرام کے ریجنل پروگرام کوآرڈینیٹر حاجی امیر حمزہ قمرانی، مانیٹرنگ آفیسر سید یسین شاہ احسان، مختلف سرکاری دفاتر کے سربراہان، بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کی ضلعی ٹیم، ڈسٹرکٹ نیٹ ورک کے اراکین اور علاقے کے سرکردہ معتبرین سمیت کثیر تعداد میں شہریوں نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مانیٹرنگ آفیسر سید یسین شاہ احسان نے ٹورنامنٹ کے اہداف پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا اس فیسٹیول اور کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد کا بنیادی مقصد رخشان ڈویژن کے نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے بھرپور مواقع فراہم کرنا ہے۔ ہمارے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں، اور حکومت بلوچستان کی یہ کوشش ہے کہ کھیلوں کے ذریعے ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرکے انہیں معاشرے کا فعال اور مثبت رکن بنایا جائے۔ واضح رہے کہ گورنمنٹ آف بلوچستان کا رائیز پروگرام اور بی آر ایس پی مشترکہ طور پر خطے میں نوجوانوں کی فلاح و بہبود اور ثقافتی و ورزشی سرگرمیوں کی بحالی کے لیے مسلسل کوشاں ہیں۔ رخشان سپورٹس اینڈ کلچر فیسٹیول میں کرکٹ کے علاوہ دیگر مقامی وروایتی کھیل اور ثقافتی پروگرام بھی شامل ہیں، جو مقامی نوجوانوں اور عوام کے لیے تفریح اور صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین ذریعہ ثابت ہو رہے ہیں۔

بقیہ عصر نومستونگ 11

پولیس کے گشت میں نمایاں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ حفاظتی اقدامات کے تحت نورانی مسجد، مسجد المدینہ، تمام تھانوں کی حدود میں قائم مساجد، مرکزی امام بارگاہ مہر شاہ امام بارگاہ سمیت ضلع بھر کی تمام مساجد، امام بارگاہوں اور دینی مدارس کے باہر پولیس کے جوانوں کو باقاعدہ تعینات کیا گیا ہے تاکہ عوام پرامن ماحول میں اپنے مذہبی فرائض سرانجام دے سکیں۔

بقیہ عصر نومستونگ 12

تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ سیاست میں اختلاف رائے جمہوریت کا حصہ ہے، تاہم ملکی مفاد اور عوام کی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی امور کو بہتر بنانے کے لیے نئے صوبے قائم کیے جا سکتے ہیں، لیکن اس حوالے سے کالا باغ ڈیم کی طرز کے متنازع فیصلوں سے اجتناب کرنا چاہیے تاکہ قوم میں اختلافات اور دوریاں پیدا نہ ہوں۔ ہر فیصلہ پاکستان اور اس کے عوام کے وسیع تر مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جانا چاہیے راجہ پرویز اشرف نے اعلان کیا کہ گوجرخان میں 6 ارب روپے کی خطیر لاگت سے پنجاب یونیورسٹی کیمپس کی جدید عمارت تعمیر کی جائے گی، جس کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے خصوصی تعاون کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوجرخان شہیدوں اور غازیوں کی سرزمین ہے، جہاں کے سپوتوں نے دفاع وطن کے لیے ہمیشہ قربانیاں دی ہیں۔ علاقے کے بچوں اور بچیوں کو اعلی تعلیم کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے یونیورسٹی کا قیام ان کا دیرینہ خواب تھا، جواب شرمندہ تعبیر ہونے جا رہا ہے۔ انہوں نے علاقے میں صحت کی سہولیات کی بہتری کے حوالے سے بتایا کہ گوجرخان میں بہت جلد ایک جدید کڈنی سینٹر قائم کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کی دلی خواہش ہے کہ علاقے میں خواتین اور بچوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایک اعلی معیار کا مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال بھی تعمیر کیا جائے۔ سابق وزیراعظم نے چیئرمین حق ٹرسٹ قاضی شوکت محمود کی سماجی و فلاحی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت ایک قابل تحسین عمل ہے اور معاشرے کی بہتری کے لیے ایسے فلاحی اقدامات کی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ تقریب سے معروف کاروباری شخصیت، چیئرمین حق ٹرسٹ وسی ای او قاضی کمپنیز قاضی شوکت محمود، پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل گوجرخان کے سرپرست اعلیٰ راجہ جاوید اشرف اور پنجاب یونیورسٹی کے اسٹیٹ آفیسر میاں فیصل نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے علاقے میں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جاری کوششوں کو سراہا۔ اس پروقار تقریب میں پیر سید مخدوم عباس ہمدانی، سابق چیئرمین سید قلب عباس، پیپلز پارٹی کے رہنما چوہدری اعظم پرویز سمیت معززین علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ عصر نومستونگ 13

دوچار کردیا ہے۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے اور ان کی سرپرستی کرنے والوں کو بھی قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے چیک پوسٹوں پر عام شہریوں کی تذلیل، بلاجواز روک ٹوک اور ہراسانی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اغبرگ، ہنچپائی، ہنہ، نوحصار اور دیگر علاقوں کے پرامن شہریوں کو دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کے نام پر تنگ و ہراساں کرنا اور انہیں اجتماعی سزا دینا کسی صورت قابل قبول نہیں انہوں نے شہر اور نواحی علاقوں میں پولیس بالخصوص ایگل اسکواڈ کی جانب سے ناکوں پر طلبا، نوجوانوں اور عام شہریوں کو بلاجواز ہراساں کرنے اور ان سے رشوت وصول کرنے کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے عوام دشمن طرز عمل قرار دیا اور مطالبہ کیا کہ ایسے غیر قانونی اقدامات کا فوری سدباب کرکے شہریوں کی عزت نفس اور بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ مقررین نے شہر میں منشیات فروشی، جسم فروشی کے اڈوں، غیر قانونی شیشہ پوائنٹس اور غیر اخلاقی سرگرمیوں کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان غیر قانونی سرگرمیوں نے معاشرتی ماحول اور نوجوان نسل کے مستقبل کو خطرات سے دوچار کردیا ہے۔ متعلقہ ادارے ان جرائم کے خاتمے کے لیے فوری اور فیصلہ کن اقدامات کریں اور ان سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائیں انہوں نے کوئٹہ میں دن کے اوقات میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم پریشر کو شہریوں کے لیے شدید اذیت کا باعث قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے۔ مقررین نے واضح کیا کہ عوام کے جان ومال، عزت، آزادی اور بنیادی حقوق کا تحفظ ریاست اور حکومت کی آئینی و قانونی ذمہ داری ہے۔ حکومت اور انتظامیہ اپنی ذمہ داریوں سے پہلوتہی کرنے کے بجائے شہر میں امن وامان کی بحالی، جرائم کے خاتمے اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کریں۔ کوئٹہ کے عوام کو جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔

بقیہ عصر نومستونگ 14

سازی سے متعلق پیش رفت پر روشنی ڈالی گئی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر جناب شوکت سرپارا کی سربراہی میں ایک وفد نے آگاہی سیشن میں شرکت کی۔ وفد نے کارروائی میں حصہ لیتے ہوئے کالج اساتذہ اور طلبہ میں بدعنوانی کی روک تھام، شفافیت، دیانت داری اور اچھی حکمرانی کے فروغ کے حوالے سے آگاہی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ سیشن کے دوران کالج اساتذہ میں بدعنوانی کے اسباب اور اس کے منفی اثرات، سرکاری اداروں میں دیانت داری اور شفافیت کی اہمیت، اور معاشرے میں اخلاقی اقدار اور احتساب کے کلچر کے فروغ میں لیکچررز کے کردار کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ لیکچررز معاشرے کے بااثر ارکان ہونے کے ناطے نوجوان نسل میں ایمانداری، دیانت داری، ذمہ داری اور بدعنوانی کے خلاف عدم برداشت جیسے مثبت رویوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ شرکاء نے سیشن میں بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور طلبہ میں بدعنوانی کے تدارک کے اقدامات اور اخلاقی اقدار کے حوالے سے مزید آگاہی فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ سیشن کے اختتام پر سوال وجواب کا سیشن منعقد ہوا، جس کے دوران شرکاء کی جانب سے اٹھائے گئے مختلف سوالات کے جوابات دیے گئے۔ تقریب کے اختتام پر ڈائریکٹر آگاہی انسداد بدعنوانی، جناب محمد سلیم احمد نے ڈپٹی ڈائریکٹر جناب محمد شوکت سرپارا کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔ اس موقع پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو بھی بنوائی گئی۔

بقیہ عصر نومستونگ 15

سرگرمی نہیں بلکہ عوام کے بڑھتے ہوئے شعور، جمہوری حقوق کی بحالی اور ملک میں حقیقی جمہوری نظام کے قیام کی جدوجہد کا مظہر ہے۔ عوام اب مہنگائی، بے روزگاری، معاشی بدحالی اور سیاسی بے یقینی سے نجات چاہتے ہیں۔ حکمرانوں کو عوامی مسائل حل کرنے کے بجائے سیاسی مخالفین کو دبانے کی پالیسی ترک کرکے عوام کو درپیش مشکلات کے حل پر توجہ دینی چاہیے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ تحریک انصاف کی قیادت اور کارکنان نے ہر مشکل دور میں ثابت قدم رہ کر عوامی حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھی ہے۔ آج بھی پارٹی کارکنان کا جذبہ اور عوام کی بھرپور حمایت اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ عوام اپنے سیاسی مستقبل کے فیصلے کا حق خود استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ عوامی مینڈیٹ کا احترام، قانون کی بالادستی، آئین کی پاسداری اور جمہوری اصولوں کی عملداری کسی بھی مستحکم ریاست کے بنیادی تقاضے ہیں۔

بقیہ عصر نومستونگ 16

گیا جہاں عدالتی احاطے میں نافذ سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ داخلی وخارجی راستوں، سیکیورٹی چیکنگ کے نظام، تعینات اہلکاروں کی کارکردگی اور عوامی سہولت کے لیے کیے گئے انتظامات کا معائنہ کیا گیا۔ اس موقع پر عدالتی سیکیورٹی کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ دورے کے دوران ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گوادر سے ملاقات ہوئی جس میں عدالتی امور، سیکیورٹی اقدامات اور قانون کی بالادستی کے فروغ کے متعلق مختلف معاملات پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ عدالتی اداروں کا محفوظ اور پرامن ماحول انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے ناگزیر ہے، جبکہ متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور تعاون عوامی اعتماد کو مزید مستحکم بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ دورے کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ گوادر میں سیکیورٹی، عدالتی تحفظ اور جدید شہری نگرانی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں کو ایک محفوظ، پرامن اور قانون دوست ماحول فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ عصر نومستونگ 17

جگہ سے کچھ روز قبل ایک مسافر ویگن بھی مسلح افراد کی جانب سے چھین لی گئی تھی، تاہم پولیس کی جانب سے تاحال کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ بڑھتی ہوئی ان وارداتوں اور پولیس کی مبینہ غفلت کے باعث علاقے میں شدید مایوسی اور عدم تحفظ کی لہر پھیل گئی ہے۔ متاثرہ شہریوں اور عوامی حلقوں نے اعلی حکام، آئی جی بلوچستان اور ڈی آئی جی پولیس سے فوری نوٹس لینے کا پرزور مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ جیانی کی حدود میں پولیس گشت کو مؤثر بنایا جائے، چھینی گئی موٹر سائیکلوں اور ویگن کو برآمد کرکے ملوث ملزمان کو عبرتناک سزا دی جائے تاکہ عوام کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ عصر نومستونگ 18

بار تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر مسائل کا حل نکالنے کی دعوت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسوقت کسی بھی سیاسی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا لیکن کچھ سیاسی جماعتیں ملک اور جمہوریت کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام سیاسی جماعتوں سے اپنے مسائل کے حل، روزگار کے مواقع، بہتر سہولیات اور ملکی ترقی کے لیے عملی اقدامات کی توقع رکھتے ہیں۔ سیاست میں کامیابی کا معیار جلسوں، دھرنوں اور بلند وبانگ نعروں کے بجائے عوام کی خدمت اور عملی کارکردگی ہونا چاہیے سیاسی جماعتوں کو ایک دوسرے پر الزام تراشی کے بجائے اپنی کارکردگی عوام کے سامنے پیش کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو انتشار اور محاذ آرائی کے بجائے سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کو چاہئے کہ وہ فوری طور پر اپنے دھرنے اور لانگ مارچ ختم کرکے مل بیٹھ کر ملک کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کیلئے حکومت کا ساتھ دے۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال خراب ہے اور آئے روز سیکورٹی فورسز اور عوام دہشت گردی کا نشانہ بن رہے ہیں ہمیں ملکر ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کو یقینی بنایا ہوگا۔

بقیہ عصر نومستونگ 19

انداز اختیار کرتے ہوئے طلبہ کو سوالات حل کرنے میں بھرپور حصہ لینے کا موقع فراہم کیا۔ اس سرگرمی کے ذریعے طلبہ نے نہ صرف ریاضی کے اصولوں کو بہتر انداز میں سمجھا بلکہ سوالات کو مرحلہ وار حل کرنے، غور و فکر کرنے اور درست طریق کار اپنانے کی اہمیت بھی سیکھی۔ ریاضی ایک ایسا مضمون ہے جو طلبہ میں منطقی سوچ، تجزیاتی صلاحیت اور مسائل حل کرنے کی قابلیت پیدا کرتا ہے۔ اس لیے اس مضمون کو آسان اور دلچسپ انداز میں پڑھانا تعلیمی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ استاد وقار احمد کی یہ کوشش اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ جب اساتذہ محنت، لگن اور جدید تدریسی طریقوں کے ذریعے تعلیم فراہم کرتے ہیں تو طلبہ کی سیکھنے کی صلاحیتوں میں نمایاں بہتری آتی ہے۔ عوامی اور تعلیمی حلقوں نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل کے اساتذہ کی تعلیمی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی تخلیقی سرگرمیاں طلبہ میں تعلیم سے دلچسپی پیدا کرنے، ان کی خوداعتمادی بڑھانے اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اسکول میں آئندہ بھی ایسی مثبت اور مفید تدریسی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رہے گا، تاکہ طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جاسکے اور ضلع لسبیلہ میں تعلیم کے فروغ کی کوششوں کو مزید تقویت ملے۔

بقیہ عصر نومستونگ 20

کاروباری برادری کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں کاروبار، بالخصوص درآمدات وبرآمدات، مشکل صورت حال سے دوچار ہیں۔ مال بردار گاڑیوں کو جلائے جانے کے واقعات کے ساتھ ساتھ غیرضروری چیک پوسٹوں اور بار بار چیکنگ کے باعث تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ چیمبر کے عہدیداران نے بتایا کہ مستونگ روڈ اور زیارت کراس کے مقامات پر محکمہ کسٹمز کی جانب سے ضبط کیا گیا اربوں روپے مالیت کا سامان اور گاڑیاں آتشزدگی کا شکار ہوئیں، تاہم متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی یا نقصان کے ازالے کے لیے تاحال کوئی موثر اقدام نہیں کیا جا سکا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی تین ہزار سے ساڑھے تین ہزار مال بردار گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں، جن کی کلیئرنس کا عمل تیز کرنے کے ساتھ ضبط شدہ سامان کی جلد نیلامی کے احکامات پر عمل درآمد ضروری ہے۔ اس موقع پر چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ (آپریشنز) محمد جمیل ناصر خان نے کہا کہ کسی بھی صورت قانونی تجارت پر قدغن نہیں لگنے دی جائے گی، کیونکہ قانونی تجارتی سرگرمیوں سے ملک اور صوبے کو ریونیو حاصل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمگلنگ میں ملوث عناصر قانونی تجارت سے وابستہ افراد کے لیے مشکلات پیدا کررہے ہیں۔ جہاں اسمگلنگ کی سرگرمیاں ہوں گی، وہاں چیکنگ ضرور کی جائے گی، تاہم اسمگلنگ کی آڑ میں کسی کو بلاوجہ تنگ کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ ضبط شدہ سامان کی نیلامی کے احکامات پہلے ہی جاری کیے جا چکے ہیں اور اب اس عمل کو مزید تیز کیا جا رہا ہے۔ شہر کے اندر دو ویئر ہاسز قائم کرنے کا انتظام کیا جا رہا ہے، جنہیں ڈیڑھ ماہ کے اندر فعال کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ محمد جمیل ناصر خان نے مزید بتایا کہ سنٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کیسز کی خصوصی جانچ پڑتال روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک کی جائے گی۔ آئندہ آٹھ ماہ کے دوران کاروباری امور کو خودکار نظام پر منتقل کرنے کا منصوبہ ہے، جس سے مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کا عمل تیز اور آسان ہوگا۔ انہوں نے ویئر ہاسز میں سامان جلنے کے واقعات سے متعلق جاری انکوائریوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقات مکمل ہونے کے بعد معاوضوں کی ادائیگی اور دیگر معاملات کے لیے فریم ورک پالیسی پر کام متوقع ہے۔ انہوں نے کسٹمز ڈیوٹی اور دیگر متعلقہ امور پر چیمبر کی تجاویز کا خیرمقدم کرتے ہوئے انہیں ترجیح دینے کی یقین دہانی بھی کرائی۔ اجلاس کے اختتام پر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کی جانب سے مہمان کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔

بقیہ عصر نومستونگ 21

سہولیات فراہم کرنا ایک اہم قومی ذمہ داری ہے اس مقصد کے لیے ضروری ہے کہ اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانت داری سے ادا کریں، کلاس رومز میں تدریسی عمل باقاعدگی سے جاری رہے اور طلبہ کی تعلیمی استعداد میں اضافے کے لیے بھرپور توجہ دی جائے ضلع نصیرآباد میں تعلیمی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اسکولوں کی مانیٹرنگ، اساتذہ اور طلبہ کی حاضری، نصاب کی بروقت تکمیل اور امتحانی نتائج کا جائزہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے تعلیمی امور میں غفلت اور غیرحاضری کے رجحان کی روک تھام کے لیے قواعد وضوابط پر عمل درآمد ضروری ہے، تاکہ تعلیمی ادارے اپنی ذمہ داریاں بہتر انداز میں انجام دے سکیں تعلیمی اصلاحات کا بنیادی مقصد ایسا ماحول فراہم کرنا ہے جہاں طلبہ کو تعلیم حاصل کرنے کے یکساں مواقع میسر ہوں، اساتذہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور والدین کا سرکاری تعلیمی اداروں پر اعتماد مضبوط ہو اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی بہتری، تدریسی معیار میں اضافے اور طلبہ کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام، اساتذہ اور والدین کے درمیان رابطہ بھی اہم کردار ادا کرسکتا ہے ضلع نصیرآباد میں تعلیمی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ تعلیمی اداروں کی نگرانی محض رسمی کارروائی تک محدود نہ رہے، بلکہ اس کے نتیجے میں تدریسی معیار، طلبہ کی حاضری اور تعلیمی نتائج میں نمایاں بہتری سامنے آئے معیاری تعلیم کی فراہمی اور نئی نسل کے روشن مستقبل کے لیے مربوط حکمت عملی، مؤثر انتظامی نگرانی اور تمام متعلقہ افراد کی ذمہ دارانہ کوششیں ناگزیر ہیں۔

بقیہ عصر نومستونگ 22

توسیع پہ توسیع دیکر چلایا جارہا ہے مذکورہ سوسائٹی کے بائی لاز میں خلاف قانون ترمیم کرتے ہوئے ریل کے مزدوروں کے رکن کی حیثیت کو بھی ختم کر دیا گیا جو سوسائٹیز ایکٹ 1925 اور آئین پاکستان کے خلاف ہے کیونکہ کسی بھی شہری کے حق رائے دہی پہ ڈاکہ کی آئین اجازت نہیں دیتا انہوں نے کہا کہ فرد واحد کی 21 سالوں سے مسلسل شہنشاہیت بلوچستان میں آئین و قانون پہ عملداری کو قائم کرنے والے اداروں کیلئے سوالیہ نشان ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی ریلوے ایمپلائز کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی کوئٹہ کے معاملات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے فوری طور پہ آڈٹ کرانے کے احکامات صادر فرمائیں ساتھ ہی ساتھ سوسائٹی کے بنک اکانٹس کو منجمد کیا جائے اور فوری طور پہ ریل کے مزدوروں کے رکن کی حیثیت کو بحال کریں تاکہ ریل کے مزدور جمہوری طریقہ سے سوسائٹی کیلئے مینجمنٹ کمیٹی تشکیل دے سکیں۔

بقیہ عصر نومستونگ 23

تمام برادریاں ملکی قوانین کا احترام کرتی ہیں اور قانون کی پاسداری پر یقین رکھتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہندو برادری علاقے میں امن، بھائی چارے، مذہبی رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرتی رہے گی اور انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ وفد میں آسن داس گنڈامل، جیٹھامل لیلانی، سوبھجی مل رامچند انی، رام لعل مکن مل، میونسپل کمیٹی اوتھل کے اقلیتی کونسلر جیرام داس عرف جیرو، مولچند لیلانی، اندرسین ہروانی، اشوک کمار گنڈامل اور کیش کمار جیٹھانند شامل تھے۔ ملاقات کے اختتام پر ہندو پنچایت اوتھل کی جانب سے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا بلوچ کو روایتی بلوچی چادر کا تحفہ پیش کیا گیا۔ وفد نے اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں ضلعی انتظامیہ اور ہندو برادری کے درمیان باہمی تعاون، اعتماد اور رابطوں کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔

بقیہ عصر نومستونگ 24

نے مخبر خاص کی اطلاع پر مفرور ملزم محمد خان ولد عبد الکریم، قوم بگٹی، سکنہ زوروواہ، کے گھر پر چھاپہ مارا۔ کارروائی کے دوران چوری شدہ سرکاری کلاشنکوف، ایک میگزین اور 30 عدد زندہ کارتوس برآمد کر لیے گئے پولیس کے مطابق ملزم تاحال گرفتار نہیں ہوسکا، تاہم اس کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ملزم کی گرفتاری کے لیے مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

بقیہ عصر نومستونگ 25

تمام کوچ مالکان ڈرائیورز اور غریب مسافروں کا مکمل احساس ہے، اس وقت ہمارے مسافر یوسف گوٹھ میں دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں جہاں نہ کوئی سہولت ہے اور نہ شہر تک آسان رسائی ہیا نہوں نے کہا کہ عوام کے اس دیرینہ مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرکے کوچوں کو دوبارہ ان کے پرانے مرکزی اسٹاپ لیمارکیٹ پر لایا جائے گا، جس سے ہزاروں مسافروں، مریضوں، طلبا اور ٹرانسپورٹرز کو براہ راست ریلیف ملے گا حاجی غلام حسین کرد نے اس پیش رفت پر ایم این اے لیاری سردار نبیل گبول، ایم پی اے یوسف بلوچ، چیئرمین لیاری ٹان کمیٹی خلیل ہوت کا خصوصی شکریہ ادا کیا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنما چیف آف جھالاوان و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثنا اللہ خان زہری اور قبائلی شخصیت میر شفیق الرحمان مینگل ودیگر کی جانب سے بھی اس عوامی مسئلے کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد اور تعاون رہا ہے، امید ہے جلد یہ دیرینہ مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہوجائے گا۔

بقیہ عصر نومستونگ 26

مستردکر چکے ہیں، ایران نے جنگ کے بعد اپنے میزائل اور ڈرون نظام کو دوبارہ مضبوط کیا ہے، امریکا کے لیے خطے میں موجود فوجی اڈوں پر ایرانی حملوں کو روکنا بھی مشکل ہوتا جارہاہے۔ نیویارک ٹائمز کی رپورٹ میں لکھا گیا کہ ستمبر سے اب تک ایران 13 بحری جہازوں کو نشانہ بنا چکا، امریکا نے کوئی ردعمل نہیں دیا۔

بقیہ عصر نومستونگ 27

ہدایت کی جاتی ہے کہ سردی سے بچا کے لیے گرم کپڑوں کا استعمال کریں، غیرضروری طور پر سردہوا میں نکلنے سے گریز کریں اور صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھیں۔ طبیعت خراب ہونے کی صورت میں مستند معالج سے رجوع کیا جائے اور خود سے ادویات استعمال کرنے سے گریز کیا جائے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری اسپتالوں میں طبی سہولیات اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ موسمی بیماریوں سے متاثرہ مریضوں کو بروقت علاج کی سہولت میسر آسکے۔

بقیہ عصر نومستونگ 28

http://www.smesdau.pk سے آن لائن فارم حاصل کر سکتے ہیں۔ داخلہ پراسیسنگ فیس 2500 روپے مقرر کی گئی ہے جو ملک بھر میں کسی بھی یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ برانچ میں جمع کرائی جاسکتی ہے۔ تمام اہل امیدواروں کے لیے این ٹی ایس یا یونیورسٹی کے تحت ہونے والا پری ایڈمیشن ٹیسٹ پاس کرنا لازمی ہوگا۔

بقیہ عصر نومستونگ 29

کے ساتھ تلخ کلامی ہوئی تھی، تاہم افسران پر حملے اور دفتر کو تالے لگانے کی خبریں درست نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زراعت کالونی کا سیوریج سسٹم عرصہ دراز سے علاقہ مکینوں کے لیے وبال جان بنا ہوا ہے، جس کے باعث انہیں روزمرہ زندگی میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سیوریج کے ناقص نظام اور صفائی ستھرائی کی ابترصورت حال کے باعث نہ صرف ماحول آلودہ ہو رہا ہے بلکہ مختلف موذی بیماریوں کے پھیلنے کے خدشات بھی بڑھ رہے ہیں۔ علاقہ مکینوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ زراعت کالونی کے سیوریج سسٹم کی خراب صورت حال کا فوری نوٹس لیا جائے اور مسئلے کے مستقل حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، تاکہ علاقے میں صفائی ستھرائی کی صورت حال بہتر ہو اور مکینوں کو بیماریوں اور دیگر مشکلات سے نجات مل سکے۔

بقیہ عصر نومستونگ 30

شیڈول نے پوری کردی ہے جو ظلم کی انتہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کی صوبائی اسمبلی سے سبی شہر کو بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینے سے متعلق منظور کی گئی قرارداد پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ارباب اقتدار اور متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ سبی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا نیا شیڈول فوری طور پر منسوخ کیا جائے، صوبائی اسمبلی بلوچستان کی منظور شدہ قرارداد پر مکمل عمل درآمد کرایا جائے اور اعلانیہ وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ یقینی بنایا جائے اسمبلی کی قرارداد کو عملی جامہ پہناتے ہوئے سبی شہر کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے اور عوام کو شدید گرمی کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ عصر نومستونگ 31

بیرون کی جانب شاہنواز دایہ سے تین نامعلوم مسلح افراد مبینہ طور پر اسلحے کے زور پر موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے۔ جبکہ تیسرے واقعے میں گزشتہ شب دوست ہوٹل سے ویکسینیٹر عمران علی سیال کی موٹر سائیکل چوری کرلی گئی، اس کے ساتھ ہیلتھ کارڈ بھی چوری ہونے کی اطلاعات ہیں۔ پولیس تھانہ صدر کی حدود میں پیش آنے والے ان واقعات کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے، جبکہ پولیس کی کارکردگی اور امن و امان کی صورتحال پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے ڈی آئی جی نصیرآباد اور ایس ایس پی نصیرآباد سے مطالبہ کیا ہے کہ ان واقعات کا فوری نوٹس لیا جائے، ملزمان کی گرفتاری اور چوری شدہ سامان کی برآمدگی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، تاکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے اور علاقے میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہو۔

بقیہ عصر نومستونگ 32

چیف جسٹس نے 12 صفحات پر مشتمل حکمنامہ تحریر کیا۔ یہ مقدمہ سابق بینک ملازم جاوید اقبال بھٹی کی پنشن سے متعلق تھا، جن کی ملازمت 5 سال 10 ماہ اور 8 دن رہی، انہیں 2015 میں 48 ہزار روپے کی اولڈ ایج گرانٹ منظور ہوئی تھی جبکہ بعد میں وفاقی محتسب نے پنشن دینے کا حکم دیا۔ عدالت نے اپنے حکم نامے میں قرار دیا کہ محتسب پنشن اہلیت طے کرنے کے مخصوص قانونی طریقہ کار کو نظرانداز نہیں کرسکتا اور پنشن کے قانونی تقاضے پورے نہ کرنے والے شخص کو پنشن دینے کا حکم نہیں دیا جاسکتا۔ عدالت کے مطابق پنشن کیلئے عمومی طور پر کم از کم 15 سال کی شراکت درکار ہے۔ یکم جولائی 2008 سے بیمہ شدہ ہونے کے باعث درخواست گزار پانچ سال کی خصوصی رعایت کا اہل بھی نہیں تھا۔ پہلے منظور کردہ گرانٹ سے پنشن کا حق پیدا نہیں ہوتا۔ عدالت نے واضح کیا کہ پنشن کی درخواست مسترد ہونا بذات خود بدانتظامی نہیں، من مانی، امتیازی سلوک، غفلت یا بلاجواز تاخیر کی شکایات اور پنشن کی قانونی اہلیت کا تنازع الگ معاملات ہیں، فوائد کی اہلیت، رقم اور مدت کا تعین ای او بی آئی قانون کے تحت ہوگا جس میں نظرثانی اور اپیل کا طریقہ بھی موجود ہے۔ عدالت نے کہا کہ ای او بی آئی قانون میں فیصلے کے خلاف نظرثانی اور اپیل کا طریقہ کار موجود ہے۔ بغیر دائرہ اختیار جاری حکم، صدر یا عدالت کی توثیق سے قانونی حیثیت حاصل نہیں کرسکتا بغیر دائرہ اختیار جاری حکم، صدر یا عدالت کی بعد کی توثیق سے قانونی حیثیت حاصل نہیں کرسکتا۔

بقیہ عصر نومستونگ 33

امن کا قیام ان کی سیاسی جدوجہد کا اہم مقصد ہے۔ ہم ایسی پالیسیوں کو مزید قبول نہیں کرسکتے جن کے نتیجے میں پشتونخوا وطن کے عوام مسلسل اپنے جان ومال کا نقصان اٹھاتے رہیں۔ پشتون عوام نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران دہشتگردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں، اب وقت آگیا ہے کہ ان قربانیوں کا ازالہ کیا جائے اور پشتونخوا وطن میں مستقل امن قائم کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط تختانی بائی پاس اول کے علاقائی کانفرنس کے کھلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل علاقائی کانفرنس کا بند اجلاس پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں علاقائی سیکرٹری امین اللہ خان کاکڑ نے گزشتہ تنظیمی وسیاسی سرگرمیوں اور کارکردگی کی تفصیلی رپورٹ پیش کی، جس کی مندوبین نے جائزہ لیتے ہوئے منظوری دی۔ بعدازاں تختانی بائی پاس اول کو دوعلاقائی یونٹوں میں تقسیم کیا گیا تاکہ تنظیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر اور منظم انداز میں آگے بڑھایا جاسکے۔ تختانی بائی پاس اول کے لیے امین اللہ خان کاکڑ سیکرٹری، عبدالرزاق خان درانی سینئر معاون سیکرٹری جبکہ اسداللہ خان گورگیج، عبدالحنان خان، روزی خان غلجی، احسان اللہ خان، ہدایت افغان، بخت محمد، نیک محمد، مولوی عبدالرحیم، ہارون خان الکوزئی، نصیر خان وردگ اور نجیب اللہ بڑیچ معاونین منتخب ہوئے۔ نومنتخب عہدیداروں سے پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے حلف لیا۔ اسی طرح تختانی بائی پاس سوم کے لیے حاجی امان اللہ خان بارکزئی سیکرٹری، ولی خان توخی سینئر معاون سیکرٹری جبکہ قدرت اللہ بڑیچ علی محمد بارکزئی، عبدالمنان غلجی، تیمور شاہ کاکڑ، عبدالرؤف وطنجار، اختر جان، احمد شاہ، نزیر خان اچکزئی، سیف اللہ، نجیب اللہ خان وردگ معاونین منتخب ہوئے۔ نومنتخب عہدیداروں سے پارٹی کے صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی نے حلف لیا۔ کانفرنس سے پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری پروفیسر اسدخان ترین، عبدالرزاق خان بڑیچ علی محمد ترین اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر نومنتخب علاقائی سیکرٹریوں امین اللہ خان کاکڑ اور ولی خان توخی نے پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ کو پشتنی دستار پہنائی۔ کانفرنس میں پارٹی کے دیگر صوبائی سیکرٹریز، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عبیداللہ توخی، مرکزی کمیٹی کے اراکین، ضلعی معاونین اور کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کانفرنس کے نظارتی فرائض پارٹی کے صوبائی آفس سیکرٹری ندا محمد سنگر اور باز پشتون نے انجام دیے۔ خوشحال خان کاکڑ نے خطاب جاری رکھتے ہوئے کہا کہ آج ہمارے لیے یہ خوشی اور اطمینان کا مقام ہے کہ تختانی بائی پاس جیسے اہم علاقے میں پارٹی کا اتنا بڑا علاقائی کانفرنس منعقد ہوا، جس میں بڑی تعداد میں مندوبین اور کارکنوں نے شرکت کی۔ یہ پارٹی کی تنظیمی قوت، عوامی حمایت اور سیاسی جدوجہد پر عوام کے اعتماد کا واضح اظہار ہے۔ تختانی بائی پاس اول کو دو الگ علاقائی یونٹوں میں تقسیم کرنا بھی پارٹی کی بڑھتی ہوئی تنظیمی ضرورت اور عوامی رابطے کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا وطن میں آج جس قسم کی تباہی اور بدامنی کا سامنا ہے، وہ کسی صورت قابل برداشت نہیں۔ ہم نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ جنوبی پشتونخوا جیسے علاقوں میں بھی دہشتگردی کے ایسے واقعات رونما ہوں گے جن سے آج ہمارے عوام دوچار ہیں، لیکن افسوس کہ آج ہم اپنی آنکھوں سے اپنے وطن میں ایسے واقعات دیکھ رہے ہیں۔ ان واقعات نے عوام میں خوف اور اضطراب پیدا کیا ہے اور معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی اور بدامنی کا مقابلہ کسی ایک جماعت یا فرد کے لیے ممکن نہیں۔ اس صورتحال کا مقابلہ سیاسی اتحاد، قومی اتفاق رائے اور عوامی طاقت کے ذریعے ہی کیا جاسکتا ہے۔ پشتونخوا وطن کی تمام سیاسی قوتوں، سیاسی جماعتوں، قبائلی و سماجی حلقوں اور عوام کو اپنے بنیادی حقوق اور امن کے لیے متحد ہونا ہوگا۔ ہمیں باہمی اختلافات سے بالاتر ہوکر ایک وسیع سیاسی اتحاد اور مشترکہ قومی محاذ تشکیل دینا ہوگا اور متحد ہوکر اپنے وطن کا دفاع کرنا ہوگا۔ خوشحال خان کاکڑ نے کہا کہ ہماری جدوجہد کا دوسرا اہم پہلو اپنے قدرتی وسائل پر اختیار کا حصول ہے۔ پشتونخوا وطن معدنیات، مائنز اینڈ منرلز، دریاؤں، جنگلات اور دیگر بے شمار قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، لیکن بدقسمتی سے ان وسائل پر یہاں کے عوام کا وہ اختیار نہیں جو ان کا بنیادی حق ہے۔ ہم اپنے وسائل پر سیاسی، آئینی اور جمہوری اختیار چاہتے ہیں اور اس مقصد کے لیے عوام کو منظم اور متحد کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وسائل صرف چند افراد یا مخصوص اداروں کی ملکیت نہیں بلکہ ان علاقوں کے عوام کا قومی و اجتماعی سرمایہ ہیں۔ مائنز اینڈ منرلز، دریاؤں، جنگلات اور دیگر قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد پر سب سے پہلا حق ان علاقوں کے عوام کا ہے جہاں یہ وسائل موجود ہیں۔ ہمیں اس حق کے حصول کے لیے آئینی، جمہوری اور سیاسی جدوجہد کو منظم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی عوام کو منظم کرکے ان کے حقیقی مسائل کے دفاع کی جدوجہد جاری رکھے گی۔ پارٹی کا مقصد اقتدار کی سیاست نہیں بلکہ پشتونخوا وطن کے عوام کے قومی، سیاسی، معاشی، سماجی اور آئینی حقوق کا تحفظ ہے۔ ہمیں عوام کے درمیان جاکر انہیں اپنے حقوق سے آگاہ کرنا اور انہیں منظم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پشتونخوا وطن کے عوام کو مزید تقسیم اور کمزور کرنے کی نہیں بلکہ اتحاد اور اتفاق کی ضرورت ہے۔ اگر ہم اپنے مسائل کے حل، امن کے قیام، دہشتگردی کے خاتمے اور اپنے وسائل پر اختیار کے لیے متحد ہوجائیں تو کوئی طاقت ہماری قومی اور جمہوری جدوجہد کو شکست نہیں دے سکتی۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ تنظیم کو مزید مضبوط بنائیں، عوام کے ساتھ اپنا رابطہ بڑھائیں اور ہر علاقے میں عوامی مسائل کو اجاگر کرتے ہوئے ان کے حل کے لیے جمہوری اور سیاسی جدوجہد کو آگے بڑھائیں۔ خوشحال خان کاکڑ نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی امن، جمہوریت، آئین کی بالادستی، قومی برابری، صوبائی خودمختاری، عوام کے وسائل پر اختیار اور سماجی انصاف کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور پشتونخوا وطن کے عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی۔

بقیہ عصر نومستونگ 34

پلان کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔ وزیراعظم کی منظوری کے بعد سود سے پاک حج سیونگ پلان متعارف کرانے کی تیاریاں تیز کردی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں سیکرٹری مذہبی امور کی زیرصدارت وزارت خزانہ اور مرکزی قومی بچت کے نمائندوں کا مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں مجوزہ منصوبے کے خدوخال اور طریق کار پر غور کیا گیا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق مجوزہ پلان کے تحت عازمین حج ڈیجیٹل ذرائع سے ماہانہ بنیادوں پر رقم جمع کرا سکیں گے۔ منصوبے میں بچت کی مدت کے انتخاب اور اہل خانہ کو رقم منتقل کرنے کی سہولت بھی شامل کرنے کی تجویز ہے۔ اس کے علاوہ صارفین کو کسی بھی وقت بغیر کٹوتی اپنی جمع شدہ رقم واپس لینے کی سہولت فراہم کرنے پر بھی غور کیا جارہا ہے۔ سیکرٹری مذہبی امور نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ حج سیونگ پلان کے قواعد وضوابط دو ماہ کے اندر تیار کیے جائیں۔ حج کے ساتھ عمرہ اور مذہبی زیارات کے اخراجات کے لیے بھی اسی نوعیت کی بچت اسکیم متعارف کرانے کی تجویز زیرغور ہے۔ ترجمان کے مطابق بڑھتی ہوئی مہنگائی کے تناظر میں یہ منصوبہ عازمین حج کو بروقت مالی منصوبہ بندی اور بتدریج رقم جمع کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ حج سیونگ پلان کے مکمل طریق کار، شرائط اور دیگر تفصیلات مناسب وقت پر جاری کی جائیں گی۔

بقیہ عصر نومستونگ 35

جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر کے پی وسطی عبدالواسع اور امیر ضلع شاہ حسین نے بھی جلسہ عام سے خطاب کیا۔ جلسہ گاہ میں اسلامی جمعیت طلبہ اور جمیعت طلبہ عربیہ کے کارکنان کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ امیر جماعت اسلامی نے قبل ازیں پشاور پریس کلب میں الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے زیراہتمام بنوقابل گریجوایشن تقریب سے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے چارسدہ میں بنوقابل پروگرام کے آغاز کا اعلان کیا اور خیبر پختونخوا کی سیاسی جماعتوں کی جانب سے پٹرولیم لیوی کے خلاف جلسہ چارسدہ کی حمایت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف سن لیں اگر وہ آپ بھتہ لیوی ختم نہیں کرسکتے تو ہمیں ان سے ملاقات کی کوئی ضرورت نہیں، عوام اسلام آباد پہنچیں گے تو ہی وزیراعظم سے ملاقات ہوگی اور لیوی ختم کرائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ملک کے پچیس کروڑ عوام کے حق کے لیے گزشتہ تین ماہ سے تحریک چلا رہی ہے۔ ملک میں آٹا مہنگا ہے، کسان پریشان ہے، یوریا مہنگی ہے، شوگر مل مافیا پہلے چینی برآمد کرتے ہیں پھر درآمد کے ذریعے مال کماتے ہیں، یہ مافیا بڑی بڑی نام نہاد سیاسی پارٹیوں میں شامل ہیں۔ ہم حکمرانوں سے پوچھتے ہیں کہ لیوی کا پٹرول کی عالمی مارکیٹ میں قیمتوں سے کیا تعلق ہے؟ یہ معاشی دہشت گردی کسی صورت قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک فیصد سود کم ہوتا ہے تو خزانہ کو پانچ سو چرانوے ارب کا فائدہ ہوتا ہے، سود کی شرح آٹھ فیصد ہوجائے تو خزانہ کو پانچ ہزار ارب کا فائدہ ہوگا، لیکن حکمرانوں کو یہ بات اس لیے سمجھ نہیں آتی کہ یہ بنک مافیا کی مدد کرتے ہیں۔ حکمران آئی ایم ایف کا نام لے کر قوم کا بیڑہ غرق نہ کریں، یہ بتائیں کہ یہ گیارہ ارب کے جہاز اور شاہ خرچیاں آئی ایم ایف سے پوچھ کر کرتے ہیں؟ حکمران قوم سے دھوکا بازیاں بند کریں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ آئی پی پیز کے معاہدے جعلی ہیں، عوام کو ان معاہدوں کی آڑ میں لوٹا جارہا ہے، چند لوگوں کی عیاشیاں کروڑوں عوام کی تباہی، یہ نظام نہیں چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ آٹا مافیا، چینی مافیا، آئی پی پی مافیا، لینڈ مافیا سیاسی پارٹیوں کے خرچے چلاتے ہیں۔ جاگیرداروں، وڈیروں، اسٹیبلشمنٹ، خاندانوں اور شخصیات پر مشتمل پارٹیاں اناسی برس سے قوم کا خون نچوڑ رہی ہیں، عوام اب ان کو سمجھ جائے۔ کے پی میں اڑتالیس لاکھ بچے سکول نہیں جاتے، چاروں صوبوں میں سکولوں کو بیچا جارہا ہے، چاروں صوبوں میں عوام کو بنیادی سہولیات دستیاب نہیں۔ حکمران سیاسی پارٹیاں ایک ہیں، یہ سابقہ آرمی چیف کی مدت ملازمت میں توسیع کے لیے ایک تھے۔ جماعت اسلامی کے کارکنوں سے کہتا ہوں کہ عوام کو متحد کرو اور قوم پر سامراجی نمائندوں کی حقیقت عیاں کرو۔ نوجوان اپنے آپ کو بڑی کشمکش کے لیے تیار کریں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ کے پی اور وفاق کی لڑائی چل رہی ہے، فارم سنتالیس والوں کو مسلط کردیا گیا، یہ کیسا نظام ہے کہ ریاست عوام کو حقوق نہیں دیتی اور عوام سے تابعداری کا مطالبہ کرتی ہے، عوام کو اپنا حق چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں حقیقی قیادت اور سیاسی پارٹیوں کا خلا ہے اور یہ خلا صرف جماعت اسلامی ہی پورا کرسکتی ہے۔

بقیہ عصر نومستونگ 36

گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم مذاکرات کررہے ہیں، لیکن جب بھی ہم امریکا کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں، وہ دوبارہ حملہ کردیتا ہے، اس کے باوجود ہم مذاکرات سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ مسعود پزشکیان نے بتایا کہ تہران نے اپنی تجاویز پیش کردی ہیں، جبکہ واشنگٹن نے بھی نئی تجاویز دی ہیں، ہم نے ان تجاویز میں اپنی ترامیم کرلی ہیں، جب یہ حتمی شکل اختیار کرلیں گی تو موجودہ ثالثوں کے ذریعے انہیں یکجا کرنا ہوگا۔ ایرانی صدر نے علاقائی امور اور اقوام متحدہ میں روس کے مقف کو سراہتے ہوئے کہا کہ ماسکو نے یک طرفہ اقدامات کے رجحان کا مقابلہ کرنے میں مدد دی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ تہران اور ماسکو کے درمیان بڑھتا ہوا رابطہ اور ہم آہنگی تیز رفتاری اور مضبوطی کے ساتھ آگے بڑھے گی، موجودہ حالات دونوں ممالک کے لیے تعاون مزید گہرا کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ پزشکیان نے کہا کہ ایران جنگ کا خاتمہ چاہتا ہے، تاہم اس بات کو یقینی بنانا بھی ضروری ہے کہ ایرانی عوام کے حقوق کا احترام بین الاقوامی قانون کے تحت کیا جائے۔ ایرانی صدر نے روسی ہم منصب سے ملاقات کے دوران بتایا کہ ایران اور امریکا نے جنگ کے خاتمے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے مقصد سے نئی تجاویز کا تبادلہ کیا ہے۔

بقیہ عصر نومستونگ 37

تعزیتی تقریب کے دوران مبینہ طور پر ''ہیرو کمانڈر'' کے لقب سے یاد کیا گیا۔ رپورٹس میں یہ دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ تقریب کے دوران فتنہ الخوارج کے جھنڈوں والے پوسٹرز آویزاں کیے گئے تھے۔ ان اطلاعات کے تناظر میں افغان طالبان حکومت اور فتنہ الخوارج کے درمیان مبینہ روابط کے حوالے سے سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ پاکستان کو طویل عرصے سے افغانستان سے سرگرم شدت پسند گروہوں کی سرحد پار کارروائیوں پر تحفظات رہے ہیں۔ پاکستانی مؤقف کے مطابق افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکنا خطے میں امن واستحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ دہشت گردی میں ملوث قرار دیے جانے والے کسی فرد کی تعزیتی تقریب میں مبینہ طور پر شدت پسند تنظیم کے جھنڈوں کی نمائش سے متعلق اطلاعات نے بھی اس معاملے کی حساسیت کو بڑھا دی ہے۔ اس حوالے سے یہ سوال اہم ہے کہ آیا متعلقہ عناصر کی سرگرمیوں کے خلاف مؤثر کارروائی کی جارہی ہے یا نہیں۔ پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی سلامتی، دہشت گردی کے انسداد اور باہمی اعتماد کے فروغ کے لیے تعاون خطے کے امن کے حوالے سے اہمیت رکھتا ہے۔ مبصرین کے مطابق ایسے معاملات میں مصدقہ شواہد، شفاف تحقیقات اور مؤثر سفارتی رابطے ضروری ہیں تاکہ سرحد پار دہشت گردی کے خطرات کا مؤثر تدارک کیا جاسکے۔

بقیہ عصر نومستونگ 38

نمایاں اضافے کی وجوہات میں تیل کی پیداوار میں بہتری، فروخت ہونے والے تیل کی نسبتاً زیادہ قیمتیں اور آمدنی میں اضافہ شامل ہیں۔ اس کے ساتھ بڑی کمپنیوں کی جانب سے حصص یافتگان کو زیادہ نقد منافع بھی ادا کیا گیا تاہم بعد از ٹیکس منافع میں 31 فیصد اضافے کو کمپنیوں کی بنیادی کاروباری کارکردگی میں اسی تناسب سے بہتری قرار دینا درست نہیں ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026 کے دوران اس شعبے کا مجموعی قبل از ٹیکس منافع 4 فیصد کمی کے بعد 521 ارب روپے رہ گیا۔ اس کے باوجود بعد از ٹیکس منافع میں نمایاں اضافہ بنیادی طور پر ٹیکس اخراجات میں غیر معمولی کمی کے باعث ممکن ہوا۔ اس میں سپر ٹیکس سے متعلق سابقہ ٹیکس واجبات کی دفعات میں نظرثانی اور انہیں واپس لینے کا اہم کردار رہا جس کا تعلق وفاقی آئینی عدالت کے فیصلے کے بعد سامنے آنے والی صورت حال سے تھا۔ مالی سال 2026 میں کمپنیوں کی آمدنی میں معقول اضافہ ہوا، تیل کی پیداوار میں کچھ بہتری آئی اور خام تیل کی قیمتوں میں اضافے سے بھی فائدہ پہنچا، تاہم دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی میں کمی اور تلاش و پیداوار کے اخراجات میں مختلف رجحانات بھی دیکھنے میں آئے۔ یوں تقریباً 460 ارب روپے کا مجموعی منافع اور حصص یافتگان کو نسبتاً بہتر ڈیویڈنڈ کی ادائیگی اس شعبے کی مالی کارکردگی کے نمایاں پہلو رہے لیکن منافع میں اضافے کی اصل وجوہات میں ٹیکس اخراجات میں کمی کا حصہ غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ اس لیے مالی سال 2026 کے نتائج کو صرف تیل وگیس کی پیداوار یا بنیادی کاروباری منافع میں اضافے کا نتیجہ سمجھنے کے بجائے ٹیکس میں ہونے والی تبدیلیوں سمیت تمام اہم عوامل کے تناظر میں دیکھنا ضروری ہے۔

بقیہ عصر نومستونگ 39

آواز کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ مرحوم نے بلوچ قوم پرستی، سیاسی شعور کی بیداری اور قومی جدوجہد کے لیے اپنی زندگی میں مخلصانہ کردار ادا کیا، ان کی خدمات اور جدوجہد کو ہمیشہ قدر واحترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی نے مشکل اور نامساعد حالات میں بھی اپنے اصولی مقف اور سیاسی نظریات سے وابستگی برقرار رکھی۔ قومی حقوق، سیاسی آزادی، قوم کے لیے ان کی جدوجہد آنے والی نسلوں کے لیے ایک قابل احترام مثال ہے۔ ان کی سیاسی وسماجی خدمات اور جدوجہد کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ رہنماں نے مرحوم کے اہل خانہ، عزیز واقارب اور تمام سوگواران سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں بلوچستان نیشنل پارٹی ان کے خاندان کے ساتھ برابر کی شریک ہے۔

بقیہ عصر نومستونگ 40

ٹریبونل کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں فیڈرل سروس ٹریبونل کے انتظامی ڈھانچے اور کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، سرکاری ملازمین کے سروس معاملات اور زیرالتوا اپیلوں کے جلد اور شفاف فیصلوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ٹریبونل کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور ای کورٹس نظام کا دائرہ کار بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر قانون نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وزارت قانون وانصاف فیڈرل سروس ٹریبونل کو درکار انتظامی اور مالی معاونت فراہم کرے گی تاکہ انصاف کی فراہمی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جاسکے۔ چیئرمین فیڈرل سروس ٹریبونل رانا اسداللہ خان نے تعاون کی یقین دہانی پر وفاقی وزیر قانون کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آئین وقانون کی بالادستی اور میرٹ پر مبنی فیصلوں کے لیے تمام صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ زیرالتوا مقدمات کی جلد یکسوئی کے لیے ڈیجیٹل اپیل مینجمنٹ سسٹم کو مزید فعال بنایا جائے گا جس سے مقدمات کی مؤثر نگرانی اور فیصلوں کے عمل کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ عصر نومستونگ 41

تلاش کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل کانفرنس آن انکلیوسو اینڈ ریزیلینٹ اکنامک امپاورمنٹ اینڈ گروتھ غربت سے خوشحالی کے موضوع کے تحت منعقد کی جارہی ہے۔ کانفرنس کا انعقاد بی پی اے ایف، وزارت تخفیف غربت وسماجی تحفظ، پیغام پاکستان اور سینٹر آف ایکسیلنس فار نیشنل کوہیون اینڈ آرٹ ریچ اسلام آباد کے اشتراک سے کیا جارہا ہے۔ عالمی کانفرنس کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ کانفرنس میں 12 ممالک شرکت کر رہے ہیں، کانفرنس کا مقصد غربت میں کمی کے لئے ایک زیادہ پائیدار اور مؤثر طریقہ کار کو فروغ دینا ہے جس کے تحت سماجی تحفظ کو معاشی خودمختاری، پائیدار ذرائع معاش اور کمزور طبقات کے لئے ایسے بامعنی مواقع سے مربوط کیا جائے جو انہیں مستقل معاشی خودانحصاری کی جانب لے جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ کانفرنس میں کمزور اور مستحق گھرانوں کو پائیدار ذرائع معاش فراہم کرنے اور انہیں معاشی وموسمیاتی بحرانوں، خصوصاً سیلاب، بیماری اور دیگر ایسے حالات سے نمٹنے کے قابل بنانے کے لئے عملی اور قابل توسیع حکمت عملیوں کا جائزہ لیا جائے گا جو خاندانوں کو دوبارہ غربت کی جانب دھکیل سکتے ہیں۔ سید عمران احمد شاہ نے کہا کہ کانفرنس کا ایک اہم مقصد یہ بھی ہے کہ اس امر کا جائزہ لیا جائے کہ سماجی تحفظ کو محض فوری امداد تک محدود رکھنے کے بجائے خودانحصاری کے وسیع تر راستے میں کیسے تبدیل کیا جا سکتا ہے تاکہ گھرانے پیداواری اثاثے تشکیل دے سکیں، منڈیوں تک رسائی حاصل کریں اور آمدن کے زیادہ پائیدار ذرائع پیدا کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ کانفرنس میں حکومتی پالیسی سازوں اور اعلی حکام، شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے رکن ممالک کے نمائندوں، بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں، کثیرالجہتی و دوطرفہ ڈونرز، مالیاتی اداروں، نجی شعبے کے نمائندوں، محققین وماہرین تعلیم، سول سوسائٹی تنظیموں، دینی برادریوں کے نمائندوں اور سماجی تحفظ، غربت سے نجات اور جامع معاشی ترقی کے شعبوں میں کام کرنے والے افراد شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کانفرنس کے دوران سماجی تحفظ اور پائیدار ذرائع معاش کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانے پر توجہ دی جائے گی جبکہ کمزور طبقات کے لئے معاشی مواقع کو وسعت دینے کے سلسلے میں منڈیوں تک رسائی، روزگار، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور مالی معاونت کے مؤثر طریقہ کار کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ سید عمران احمد شاہ نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے اڑان پاکستان پروگرام کے تحت غربت میں کمی لائی جارہی ہے اور پالیسیوں کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانفرنس میں پائیدار ترقی کے حصول اور لوگوں کو غربت سے نکالنے کے لئے عملی اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پاورٹی ایلیویشن اپنے شراکت دار اداروں کے ساتھ مل کر ملک کے 157 اضلاع میں کام کر رہا ہے اور اب تک 17120 کمیونٹی ادارے قائم کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں غربت میں کمی لانے کے لئے 2014 سے اب تک 139 ارب 61 کروڑ روپے مالیت کے 36 لاکھ 90 ہزار بلاسود قرضوں کی فراہمی میں سہولت فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان قرضوں سے 57 فیصد خواتین مستفید ہوئی ہیں اور قرضوں کی واپسی 98 فیصد تک رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے ذرائع معاش کی تخلیق وقت کی ضرورت ہے جو معاشی مشکلات اور بحرانوں کا مقابلہ کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا بھی اپنا مثبت کردار ادا کرتے ہوئے ترقیاتی پیشرفت اور فلاحی کاموں کے حوالے سے عوام میں آگاہی پیدا کرے۔

بقیہ عصر نومستونگ 42

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین ورکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پشتونخوا وطن اس وقت بدترین دہشتگردی، بدامنی اور سیاسی و معاشی بحران کی لپیٹ میں ہے، اور موجودہ صورتحال گزشتہ پانچ دہائیوں سے حکمرانوں کی غلط خارجہ و داخلہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ ان پالیسیوں نے نہ صرف پشتونخوا وطن کے امن و استحکام کو تباہ کیا بلکہ پورے ملک کو عدم استحکام، انتہاپسندی اور دہشتگردی کے سنگین مسائل سے دوچار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا وطن سے دہشتگردی اور بدامنی کا خاتمہ اور وطن عزیز میں پائیدار امن کا قیام ان کی سیاسی جدوجہد کا اہم مقصد ہے۔ ہم ایسی پالیسیوں کو مزید قبول نہیں کرسکتے جن کے نتیجے میں پشتونخوا وطن کے عوام مسلسل اپنے جان و مال کا نقصان اٹھاتے رہیں۔ پشتون عوام نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران دہشتگردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں، اب وقت آگیا ہے کہ ان قربانیوں کا ازالہ کیا جائے اور پشتونخوا وطن میں مستقل امن قائم کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط تختانی بائی پاس اول کے علاقائی کانفرنس کے کھلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل علاقائی کانفرنس کا بند اجلاس پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں علاقائی سیکرٹری امین اللہ خان کاکڑ نے گزشتہ تنظیمی وسیاسی سرگرمیوں اور کارکردگی کی تفصیلی رپورٹ پیش کی، جس کی مندوبین نے جائزہ لیتے ہوئے منظوری دی۔ بعدازاں تختانی بائی پاس اول کو دوعلاقائی یونٹوں میں تقسیم کیا گیا تاکہ تنظیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر اور منظم انداز میں آگے بڑھایا جاسکے۔ تختانی بائی پاس اول کے لیے امین اللہ خان کاکڑ سیکرٹری، عبدالرزاق خان درانی سینئر معاون سیکرٹری جبکہ اسداللہ خان گورگیج، عبدالحنان خان، روزی خان غلجی، احسان اللہ خان، ہدایت افغان، بخت محمد، نیک محمد، مولوی عبدالرحیم، ہارون خان الکوزئی، نصیر خان وردگ اور نجیب اللہ بڑیچ معاونین منتخب ہوئے۔ نومنتخب عہدیداروں سے پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے حلف لیا۔ اسی طرح تختانی بائی پاس سوم کے لیے حاجی امان اللہ خان بارکزئی سیکرٹری، ولی خان توخی سینئر معاون سیکرٹری جبکہ قدرت اللہ بڑیچ علی محمد بارکزئی، عبدالمنان غلجی، تیمور شاہ کاکڑ، عبدالرؤف وطنجار، اختر جان، احمد شاہ، نزیر خان اچکزئی، سیف اللہ، نجیب اللہ خان وردگ معاونین منتخب ہوئے۔ نومنتخب عہدیداروں سے پارٹی کے صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی نے حلف لیا۔ کانفرنس سے پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری پروفیسر اسدخان ترین، عبدالرزاق خان بڑیچ علی محمد ترین اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر نومنتخب علاقائی سیکرٹریوں امین اللہ خان کاکڑ اور ولی خان توخی نے پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ کو پشتنی دستار پہنائی۔ کانفرنس میں پارٹی کے دیگر صوبائی سیکرٹریز، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عبیداللہ توخی، مرکزی کمیٹی کے اراکین، ضلعی معاونین اور کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کانفرنس کے نظارتی فرائض پارٹی کے صوبائی آفس سیکرٹری ندا محمد سنگر اور باز پشتون نے انجام دیے۔ خوشحال خان کاکڑ نے خطاب جاری رکھتے ہوئے کہا کہ آج ہمارے لیے یہ خوشی اور اطمینان کا مقام ہے کہ تختانی بائی پاس جیسے اہم علاقے میں پارٹی کا اتنا بڑا علاقائی کانفرنس منعقد ہوا، جس میں بڑی تعداد میں مندوبین اور کارکنوں نے شرکت کی۔ یہ پارٹی کی تنظیمی قوت، عوامی حمایت اور سیاسی جدوجہد پر عوام کے اعتماد کا واضح اظہار ہے۔ تختانی بائی پاس اول کو دو الگ علاقائی یونٹوں میں تقسیم کرنا بھی پارٹی کی بڑھتی ہوئی تنظیمی ضرورت اور عوامی رابطے کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا وطن میں آج جس قسم کی تباہی اور بدامنی کا سامنا ہے، وہ کسی صورت قابل برداشت نہیں۔ ہم نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ جنوبی پشتونخوا جیسے علاقوں میں بھی دہشتگردی کے ایسے واقعات رونما ہوں گے جن سے آج ہمارے عوام دوچار ہیں، لیکن افسوس کہ آج ہم اپنی آنکھوں سے اپنے وطن میں ایسے واقعات دیکھ رہے ہیں۔ ان واقعات نے عوام میں خوف و اضطراب پیدا کیا ہے اور معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی اور بدامنی کا مقابلہ کسی ایک جماعت یا فرد کے لیے ممکن نہیں۔ اس صورتحال کا مقابلہ سیاسی اتحاد، قومی اتفاق رائے اور عوامی طاقت کے ذریعے ہی کیا جاسکتا ہے۔

وفاقی آئینی عدالت (ایف آئی سی) سے پینشن کیلئے 15 سال کی شرط دارالحکومت کی آزادی کے منافی قرار

پشتونخوا میں بدامنی کا خاتمہ اور پائیدار امن سیاسی جدوجہد کا اہم مقصد، خوشحالی کا راز

ہم ایسی پالیسیوں کو مزید قبول نہیں کر سکتے جن کے نتیجے میں پشتونخوا کے عوام مسلسل اپنے جان و مال کا نقصان اٹھاتے رہیں

اسلام آباد (ایون ایون آئی) وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی سے پنشن کیلئے ملازم کی کم سے کم 15 سال کی شراکت کو آزادی قرار دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت کے سابق چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے وفاقی محتسب اور صدر پاکستان کے فیصلوں کو کالعدم قرار دے دیا۔ یہ فیصلہ وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے وفاقی محتسب اور صدر پاکستان کے فیصلوں کو کالعدم قرار دے دیا۔ یہ فیصلہ وفاقی آئینی عدالت کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے سابق چیک

ملازم کی پنشن سے متعلق کیس میں ای او بی آئی کی اپیل منظور کرتے ہوئے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ، وفاقی محتسب اور صدر پاکستان کے احکامات کالعدم قرار دے دیئے۔ یہ فیصلہ وفاقی آئینی عدالت کے ججز جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس عائشہ اے ملک اور جسٹس حسن اظہر رضوی پر مشتمل بنچ نے سنایا۔ فیصلہ تحریر کرتے ہوئے جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ ای او بی آئی ایک خود مختار ادارہ ہے جو ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی کرتا ہے، ایسے میں ملازم کو محض 15 سال کی شرط پر پنشن سے محروم کرنا ناانصافی ہے۔ عدالت نے کہا کہ ای او بی آئی کے قانون کے تحت ملازم کو 10 سال کی سروس کے بعد پنشن کا حق حاصل ہوتا ہے، اس لیے اسے 15 سال کی شرط پر مسترد کرنا قانون کی روح کے منافی ہے۔ عدالت نے ای او بی آئی کو ہدایت کی کہ وہ ملازم کو 10 سال کی سروس مکمل ہونے پر پنشن کا اہل تصور کرے۔ عدالت نے ہائیکورٹ کا فیصلہ اور محتسب کا حکم بحال کر دیا۔

اوتھل اسپیکل کی پائیدار ترقی اور نوجوانوں کو ہنرمند بنانا اولین ترجیح ہے، کمشنر سائرہ عطا بلوچ

ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل میں کمشنر آفس کا قیام، تعلیم، صحت اور امن و امان کے فروغ کے لیے جامع اقدامات جاری

اوتھل (پی این اے) کمشنر اسپیکل و ڈپٹی کمشنر اوتھل میر محمد ایاز مگسی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل میں کمشنر آفس کی افتتاحی تقریب کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کمشنر اسپیکل نے کہا کہ تعلیم اور صحت کسی بھی معاشرے کی ترقی میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، اس لیے ان شعبوں کو ہر صورت بہتر بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری ناگزیر ہے۔ نوجوانوں کو ہنرمند بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، کمشنر سائرہ عطا بلوچ

کمشنر اسپیکل نے کہا کہ اسپیکل کا پائیدار مستقبل نوجوانوں کو ہنرمند بنانے سے وابستہ ہے، اسی لیے ہنر مند نوجوانوں کو ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکل کو پائیدار ترقی، معیاری مسائل کے تدارک اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے جامع منصوبہ بندی، موثر انتظامی اقدامات اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط رابطہ کاری ناگزیر ہے۔ نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں معاشی کے میدان میں خود مختار بنانے کے لیے ہنر مند نوجوانوں کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹیوں اور دیگر تعلیمی ادارے کے طلباء سے ملاقات کے دوران کیا۔

بقیہ 5 ستمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی کوششوں سے گھمبیر بارودی کور بڑے مسائل حل ہو رہے ہیں، میر محمد اسلام لانگو

بولان (پی این اے) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر میر محمد اسلام لانگو، سیکرٹری جنرل میر ابراہیم ریکسانی، نائب صدر میر محمد رحیم لانگو، چیئرمین بلک صدر عبدالغفار مندوخیل، جنرل سیکرٹری ملک حبیب بنگرزئی، واس چیئرمین میر کفیل لہری، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین برزئی، سیکرٹری اطلاعات سردار عثمان مندوخیل، سیکرٹری فنانس محمد یونس جان لانگو، نائب صدر سراج خان لانگو، ایسوسی ایٹ سینئر نائب صدر عبدالرزاق مندوخیل، سیکرٹری کورٹ میر بیدو زہری، آل بلوچستان رابطہ سیکرٹری حاجی اللہ کاکڑ، نائب صدر محمد انور ترین، ہیڈ

کولہو کلسٹر بجٹ اور تعلیمی سہولیات کا جائزہ اجلاس، 17 فیڈ مگ اسکولز کو سامان کی فراہمی مکمل

معیاری تعلیم اور وسائل کے شفاف استعمال پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈائریکٹر سلیم زرکون

کولہو (پی این اے) ڈپٹی ڈی ای او بلوچستان میر سرفراز فرنٹیل ریذیڈنٹ کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایجوکیشن میل حفیظ اللہ مری اور پرنسپل گورنمنٹ بوائز ہائی سکول و ہائر سیکنڈری ڈیزاسٹر کے ہدایات پر ریاضی اور سائنس کے مضامین کے ٹیچرز کے لیے تین روزہ ورکشاپ کا آغاز ہو گیا۔ ورکشاپ کا مقصد ریاضی اور سائنس کے مضامین کے ٹیچرز کو جدید تدریسی طریقوں سے روشناس کرانا اور ان کی صلاحیتوں کو بہتر بنانا ہے۔ ورکشاپ کے پہلے روز ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایجوکیشن میل حفیظ اللہ مری اور پرنسپل گورنمنٹ بوائز ہائی سکول و ہائر سیکنڈری ڈیزاسٹر کے ہدایات پر